Rg.No.
1546653-9
ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار
www.layalpurpost.com
ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ
چیف ایڈیٹر پبلشر منیر احمد ڈار
ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار
جلد نمبر 2 | منگل ،12 اگست 2025ء، 17 صفر المظفر 1447ھ 28 ساون 2081 ب م | شمارہ نمبر 42

لاہور کی پہلی ٹورزم شاہراہ "واہگہ ہیریٹیج کوریڈور" کی تعمیر مکمل

قائداعظم انٹرچینج سے واہگہ بارڈر (زیرو لائن) تک، تعمیراتی کام تیزی سے جاری، 13 کلومیٹر طویل اس منصوبے پر اب تک 28 کروڑ 50 لاکھ روپے خرچ کیے جا چکے ہیں، دورویہ ٹورزم شاہراہ 68 فٹ چوڑی ہے

جس کے دونوں اطراف 20 فٹ چوڑی سروس روڈز بھی تعمیر کی جا رہی ہیں، 22 کلومیٹر سے زائد طویل آر سی سی ڈرینج سسٹم، 10 کلومیٹر آرائشی دیوار کی تعمیر کے علاوہ جدید سولر سٹریٹ لائٹس بھی نصب کی جا رہی ہیں

ٹریفک میں روانی کے ساتھ ساتھ منصوبے کی تکمیل سے واہگہ بارڈر پر پریڈ دیکھنے کیلئے آنیوالے ملکی و غیرملکی سیاحوں کو بھی عالمی معیار کی سفری سہولتیں فراہم ہوں گی

اسلام آباد: بلوچستان کے قلعہ سیف اللہ سے تعلق رکھنے والے طالب علم اکرام اللہ اور انکی فیملی سے وزیراعظم شہباز شریف ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر لاہور کی پہلی ٹورزم شاہراہ "واہگہ ہیریٹیج کوریڈور" کی تعمیر مکمل ہوگئی ہے - قائداعظم انٹرچینج سے واہگہ بارڈر (زیرو لائن) تک تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے - 13 کلومیٹر طویل اس منصوبے پر اب تک 28 کروڑ 50 لاکھ روپے خرچ کیے جا چکے ہیں - لاکھوں شہریوں کو بہترین سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے سڑک (بقیہ نمبر 1)

قوم 79 واں یوم آزادی تاریخی انداز میں منائے گی، مریم اورنگزیب

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف معرکہ حق پارک اور میوزیم کی نقاب کشائی کریں گی

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پنجاب میں ڈویژن، ضلع اور تحصیل کی سطح پر 79 ویں یوم آزادی کی تیاریاں قومی جوش و جذبے سے جاری ہیں، جشن آزادی کی تقاریب کو حتمی شکل دے دی گئی ہے، 14 اگست کو وزیراعلیٰ مریم نواز شریف معرکہ حق پارک اور میوزیم کی نقاب کشائی کریں گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جشن آزادی مثالی انداز میں منانے کی ہدایت کی ہے، (بقیہ نمبر 4)

عوام ایکسپریس کی 3 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں

جعفر ایکسپریس کوئٹہ سے پشاور کے لیے جا رہی تھی کہ سپیزنڈ مستونگ کے قریب ریلوے ٹریک پر دھماکا ہوگیا

کوٹ رحیم یار خان (این این آئی) مستونگ میں جعفر ایکسپریس سے اتر گئیں جس سے ریلوے ٹریفک معطل ہوگئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ جعفر ایکسپریس کوئٹہ کی 6 اور خان پور میں عوام ایکسپریس کی 3 بوگیاں پٹریاں ٹریک (بقیہ نمبر 7)

سائبر حملوں میں کاروباری نظام جام ہونے کا خطرہ

ڈی جی نیشنل سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم نے 39 وزارتوں اور اداروں کو خط کر ممکنہ تباہ کن اثرات سے خبردار کر دیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کی اہم وزارتوں اور محکموں پر ممکنہ سائبر حملوں میں ڈیٹا کے مستقل نقصان، کاروباری نظام جام ہونے اور حساس معلومات لیک ہونے کے خطرے کے پیش نظر ڈی جی نیشنل سائبر ایمرجنسی (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد ایئرپورٹ 8 دن بند رہنے کی خبریں درست نہیں

مخصوص دنوں اور اوقات میں صرف 2، دو گھنٹے کے لیے پروازوں کی آمد و روانگی معطل رہے گی

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان ایئرپورٹ اتھارٹی نے کہا ہے کہ اسلام آباد ایئرپورٹ 8 دن کے لیے بند رہنے سے متعلق خبریں درست نہیں۔ ترجمان ایئرپورٹ اتھارٹی کے مطابق مخصوص دنوں اور اوقات میں (بقیہ نمبر 5)

کراچی: ایچ بی ایل مائیکروفنانس بینک اور سپارکو کے دمیان نے راہمی کے نظام میں سیٹلائٹ پر مبنی زرعی تجزیات کیلئے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

باہمی تعاون سے مشترکہ سکیورٹی چیلنجز کا سامنا جاری رکھا جائے گا، فیلڈ مارشل عاصم منیر

دورہ امریکا، اہم ملاقاتیں

اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت سے ملاقاتیں، باہمی تعاون سے مشترکہ سکیورٹی چیلنجز کا سامنا جاری رکھا جائے گا، فیلڈ مارشل عاصم منیر

ٹیمپا میں امریکی سینٹ کام کے کمانڈر جنرل مائیکل کوریلا کی ریٹائرمنٹ تقریب میں شرکت، کمانڈ تبدیلی کی تقریب میں بھی شریک ہوئے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا امریکی سینٹ کام کے کمانڈر جنرل مائیکل کوریلا استقبال کر رہے ہیں

واشنگٹن، راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے امریکا کے دورے کے دوران اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت سے ملاقاتیں کی۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے امریکا کا سرکاری دورہ کیا۔ دورے کے (بقیہ نمبر 16)

ملک کی تعمیر و ترقی میں اقلیتوں کا کردار قابل تحسین ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

آئین پاکستان ملک میں بسنے والی اقلیتوں کو مساوی حقوق اور مکمل مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے

قومی معاملات میں اقلیتوں کی شمولیت ہماری جمہوری روایت کا روشن پہلو ہے، اسپیکر سردار ایاز صادق

اسلام آباد (بیورو چیف) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی میں اقلیتی برادری کا کردار لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی اقلیتوں نے ہمیشہ ملکی استحکام، بین المذاہب ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی معاملات میں اقلیتوں کی شمولیت ہماری جمہوری روایت کا روشن پہلو ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر کیا جو ہر سال 11 اگست کو منایا جاتا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ 11 اگست کا دن ہمیں (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، منشیات سپلائر کو 9 سال قید اور جرمانہ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے نتیجے میں معزز عدالت نے منشیات سپلائر عمیر کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا (بقیہ نمبر 9)

وزیراعظم شہباز شریف اکتوبر کے پہلے ہفتے میں جاپان جائیں گے

وزیراعظم کا 20 برس بعد جاپان کا تاریخی دورہ، معاشی پیکیج اور معاہدے متوقع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اکتوبر کے پہلے ہفتے میں جاپان جائیں گے، یہ دورہ حکومتِ جاپان کی خصوصی دعوت پر ہو رہا ہے اور 20 برس بعد کسی پاکستانی وزیراعظم کا پہلا جاپانی دورہ ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اس دورے (بقیہ نمبر 8)

سی ڈی اے اور ایم سی آئی کا اسلام آباد میں سائیکلنگ مقابلہ کا انعقاد

سائیکلنگ نہ صرف جسمانی صحت کیلئے فائدہ مند ہے بلکہ ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے، آلودگی میں کمی اور غیر موٹرائزڈ ٹرانسپورٹ کے فروغ میں بھی مددگار ہے

یہ صحت مند، پائیدار اور جدید وفاقی دارالحکومت کی تعمیر کے لیے ناگزیر ہے، چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کا شرکاء سے خطاب

اسلام آباد (بیورو چیف) چیئرمین سی ڈی اے اور چیف کمشنر محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر سی ڈی اے کے سپورٹس ڈائریکٹوریٹ، ڈی ایم ای ایم سی آئی کے اشتراک سے آج اسلام آباد میں ایک شاندار سائیکلنگ مقابلہ کا انعقاد کیا، جس کا مقصد صحت مند طرزِ زندگی اور صاف و سرسبز دارالحکومت کے وژن کو فروغ دینا تھا۔ اس مقابلے میں پیشہ ور سائیکلسٹس، شوقیہ سائیکل سواروں اور ہر عمر کے شہریوں نے بھرپور شرکت کی، جو سائیکلنگ کو بطور کھیل، تفریح اور ماحول دوست سفری ذریعہ اپنانے میں بڑھتی عوامی دلچسپی کی عکاسی کرتا (بقیہ نمبر 2)

سی ڈی اے کے سپورٹس ڈائریکٹوریٹ، ڈی ایم ای ایم سی آئی کے اشتراک سے سے منعقدہ سائیکل مقابلہ میں شریک اٹھلیٹس کے ساتھ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کا گروپ فوٹو

پولیس افسران کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں اردل روم کا انعقاد کیا، ڈی آئی جی نے پولیس افسران کے سرکاری اور ذاتی نوعیت کے مسائل سنے اور ان کے حل کیلئے سینئر پولیس افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں (بقیہ نمبر 10)

شاہکار پروجیکٹ پوٹھوہار میڈیکل کمپلیکس کی شاندار افتتاحی تقریب

ہمارا مقصد پیسہ کمانا نہیں ہمارا دل ہمارے عوام اور دھرتی میں دھڑکتا ہے لوگوں کا راستے میں دم توڑنا ہمارے لیے کرب کا باعث تھا ڈاکٹر ذیشان

اپنے لوگوں کی محرومیوں کو مدنظر رکھ کر کچھ کرنے کا ارادہ کیا تھا میں اس قابل نہیں تھا جس قابل اللہ نے مجھے بنایا چوہدری اعظم پرویز

گوجرخان (نامہ نگار) سابق امیدوار برائے ایم پی اے چوہدری اعظم پرویز اور ان کے بیٹے جنرل سرجن ڈاکٹر ذیشان کے دیرینہ خواب پوٹھوہار میڈیکل کمپلیکس کا شاندار افتتاح بدست سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف ہوا افتتاحی تقریب میں سیاسی سماجی کاروباری و پیر حضرات صحافیوں سمیت ایم ایس اور ٹی ایچ کیو کولیگز ڈاکٹرز اور دیگر مکاتب فکر کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی عوام کی کثیر تعداد نے افتتاحی پروگرام کو جلسے کے پنڈال میں تبدیل کر دیا تقریب کے مہمان خصوصی سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف راجہ جاوید اشرف راجہ خرم پرویز، قاضی شوکت محمود ڈاکٹر محمد کلیم خالد چوہدری پیر ندیم سلطان اور سائیں محمد صفدر تھے چوہدری اعظم پرویز ڈاکٹر ذیشان سمیت مہمانان (بقیہ نمبر 17)

سیکرٹری پرائس کنٹرول ڈاکٹر احسان بھٹہ شہر کے مختلف مقامات پر سہولت آن دی گو بازاروں کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

14 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جاری کارروائیوں کے دوران 14 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 14 افراد کو حراست میں لے کر 15 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، (بقیہ نمبر 23)

آزادی خون کے نذرانوں سے حاصل ہوئی، بلال گجر

14 اگست صرف جشن کا دن نہیں بلکہ قربانی، اتحاد اور محنت کی یاد دہانی ہے

شاہکوٹ (نامہ نگار) سماجی رہنما بلال گجر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ 14 اگست صرف جشن کا دن نہیں بلکہ قربانی، اتحاد اور محنت کی یاد دہانی ہے۔ یہ دن ہمیں (بقیہ نمبر 22)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین اور سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری حضرت پیر مکی دربار کے غسل مبارک کی تقریب میں دعا کر رہے ہیں

پاکستان میں ٹیلنٹ اور صلاحیت کی کوئی کمی نہیں، گورنر سندھ

پاک بھارت جنگ میں ہم نے دنیا کو بتا دیا پاکستان کسی سے کم نہیں، کامران ٹیسوری

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ پاکستان میں ٹیلنٹ اور صلاحیت کی کوئی کمی نہیں۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے (بقیہ نمبر 24)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی جرائم کی تفتیش کے حوالے سے میٹنگ

پولیسنگ کو بہتر بنانے کیلئے روائتی تفتیش کیساتھ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو بھی مدنظر رکھنے کی ہدایت

گرفتار ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کیلئے ٹھوس شواہد کی روشنی میں چالان کرنے، افسران کو اپنی ذمہ داریاں پیشہ ورانہ انداز میں نبھانے کی ہدایت جاری

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے پولیسنگ کو بہتر بنانے کیلئے روائتی تفتیش کے ساتھ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو بھی مدنظر رکھنے، گرفتار ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کیلئے ٹھوس شواہد کی روشنی میں چالان کرنے اور افسران کو اپنی ذمہ داریاں پیشہ ورانہ انداز میں نبھانے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس انوسٹی گیشن محمد عثمان طارق بٹ نے سنگین جرائم کے زیر تفتیش مقدمات کے حوالے سے پولیس افسران کے ساتھ میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ میں (بقیہ نمبر 11)

راولپنڈی: آر ڈی اے کی جانب سے جشن آزادی کے حوالے سے لگائے جانیوالے قومی ہیروز کے بینرز

راولپنڈی، 3 ملزمان گرفتار، 5 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے 5 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 3 کلو 230 گرام چرس برآمد کی، ٹیکسلا پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 2 کلو (بقیہ نمبر 12)

پانچ لاکھ سے زائد نوجوانوں نے وزیراعظم ڈیجیٹل یوتھ ہب میں رجسٹریشن کرا لی

ایک ہزار سے زیادہ ملکی اور غیر ملکی کمپنیاں بھی ڈیجیٹل یوتھ ہب میں شامل ہو چکی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعظم ڈیجیٹل یوتھ ہب میں صرف دو ماہ میں پانچ لاکھ سے زیادہ نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق یہ قابل ذکر کامیابی ڈیجیٹل مہارتوں اور مواقع کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے حکومت کے عزم (بقیہ نمبر 18)

انفورسمنٹ انسپکٹر کو زخمی کرنے والے ملزمان گرفتار نہ ہو سکے

شاہین فیڈریشن گوجرخان کے عہدداران و بلدیہ اہلکاروں کی ہڑتال کی دھمکی

گوجرخان (نامہ نگار) تجاوزات آپریشن کے دوران انفورسمنٹ انسپکٹر چاند مبین اور اہلکار پر حملہ کر کے زخمی کرنے والے ملزمان تاحال گرفتار نہ ہو سکے حملہ آور (بقیہ نمبر 19)

سالانہ 45 لاکھ ٹن سے زائد کھلا خوردنی تیل فروخت ہونے کا انکشاف

پاکستان دنیا میں خوردنی تیل کا آٹھواں سب سے بڑا صارف ہے، جہاں فی کس سالانہ کھپت 22 کلوگرام ہے

کھلا تیل بغیر مناسب پیکنگ، لیبلنگ کے بڑی مقدار میں فروخت، دل کے امراض، فالج اور دماغی امراض کا سبب بن سکتا ہے، ماہرین

لاہور (این این آئی) پاکستان میں ہر سال استعمال ہونے والے خوردنی تیل کا تقریباً 30 فیصد یعنی 45 لاکھ ٹن سے زائد بغیر برانڈ کا کھلا تیل ہوتا ہے جو زیادہ تر نیم شہری اور دیہی علاقوں میں دستیاب ہے جس سے لاکھوں لوگ سنگین صحت کے خطرات سے دوچار ہوتے ہیں۔ ایک میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ کھلا تیل عام طور پر بغیر مناسب پیکنگ یا لیبلنگ کے بڑی مقدار میں فروخت ہوتا ہے اور اس میں اکثر مضر کیمیکلز، آلودگیاں اور حیاتیاتی جراثیم شامل ہوتے ہیں، ماہرین کے مطابق یہ سنگین بیماریوں، جیسے دل کے امراض، فالج اور (بقیہ نمبر 25)

کشمور پولیس اور رینجرز کا آپریشن، دوسری بڑی کامیابی مل گئی

مغوی اکبر پٹھان بحفاظت بازیاب، فیصلہ کن کارروائی جاری

کشمور (نامہ نگار) کشمور پولیس و رینجرز کا آپریشن دوسری بڑی کامیابی مل گئی مغوی اکبر پٹھان بحفاظت بازیاب، کشمور پولیس اور رینجرز نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری فیصلہ کن کارروائی میں ایک اور شاندار کامیابی حاصل کرتے ہوئے ایک اور مغوی کو بحفاظت بازیاب کرا لیا تفصیلات کے مطابق، مورخہ 19 جولائی 2025ء کو تھانہ (بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی، بچی پر تشدد کر کے اسکو کمرے میں بند کرنیوالا والد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) دھمیال پولیس نے 7 سالہ بچی پر تشدد کر کے اسکو کمرے میں بند کرنے والا والد گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 7 سالہ بچی پر تشدد کر کے اسکو کمرے میں بند کرنے والے والد کو گرفتار کر لیا، دھمیال پولیس کو 15 کال پر اطلاع ملی کے (بقیہ نمبر 13)

کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی صدر فریال تالپور کو عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو، وقار مہدی اور عاجز دھامراہ گلدستہ پیش کر رہے ہیں

پی ٹی اے کا سائبر فراڈ کیخلاف بڑا ایکشن، 13 ہزار یو آر ایل

کراچی (این این آئی) پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی (پی ٹی اے) نے دھوکہ دہی کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 13 ہزار سے زائد یو آر ایل بلاک کر دیئے۔ الیکٹرانک فراڈ سے متعلق 13 ہزار 185 یو آر ایل بلاکنگ کے لیے پراسس کیے گئے۔ (بقیہ نمبر 26)

غزہ میں خوراک کے متلاشی 40 افراد سمیت مزید 47 فلسطینی شہید

اسرائیلی فوج کے حملوں میں شہادتوں کی مجموعی تعداد 61 ہزار 369 ہوگئی

غزہ (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی فوج کے وحشیانہ حملے نہ تھم سکے، قابض فوج نے مختلف علاقوں پر حملے کر کے صبح سے اب تک مزید 47 فلسطینیوں کو شہید (بقیہ نمبر 27)

شدید گرمی بجلی کی طویل بندش سے شہریوں کا برا حال

بار بار ٹرپنگ سے لوگوں کے گھروں اور دکانوں میں برقی آلات جلنے لگے

عوامی منتخب نمائندگان نے شہریوں کے درپیش مسائل پس پشت ڈال دیئے ہیں

واپڈا حکام سختی سے نوٹس لیں ورنہ احتجاج کریں گے، شہری حلقے

گوجرخان (نامہ نگار) شدید حبس اور گرمی دوسری جانب محکمہ واپڈا، گیس اور واٹر سپلائی والوں نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی بجلی کی غیر اعلانیہ طویل لوڈشیڈنگ کی وجہ شہری ڈپریشن کے مریض بن گے بغیر بتائے اور بغیر پرمٹ کے گوجرخان شہر سمیت گردونواح (بقیہ نمبر 28)

ڈمپر نے بہن بھائی کو کچل دیا، والد زخمی، مشتعل شہریوں نے 7 ڈمپر جلا دیئے

پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے واقعے میں ملوث 10 مشتبہ افراد کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا

حادثے میں جاں بحق ماہ نور کی اگلے ماہ شادی طے تھی، مگر قسمت نے اس کے ہاتھوں میں مہندی کی بجائے کفن تھما دیا

حادثہ ٹینکر کی ٹکر سے ہوا اور مشتعل افراد نے ڈمپر کو آگ لگا دی، ان کی 7 نہیں 9 گاڑیوں کو نقصان پہنچایا گیا، ڈمپر ایسوسی ایشن

سندھ حکومت شہریوں کی جان سے کھیلنے والے ڈمپر مافیا کو لگام دے، ڈمپر حادثے میں زخمی شہری کی جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہوں، گورنر سندھ

کراچی: امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان منتخب بلدیاتی نمائندوں کے ہمراہ محمد علی جناح پارک یوسی 4 اورنگی ٹاؤن میں پودا لگانے کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے راشد منہاس روڈ پر پیش آنے والے گزشتہ رات دل خراش ٹریفک حادثے نے ایک خوشیوں بھرا گھر اجاڑ دیا، جب ہیوی ٹریفک نے موٹر سائیکل پر سوار تین افراد کو کچل ڈالا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں ڈمپر چلتی پھرتی موت بن گئے، شہر قائد کے علاقے فیڈرل بی ایریا کی ون شاپنگ مال کے قریب ڈمپر نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں شدید زخمی ہونے والے دونوں بہن بھائی ہسپتال منتقل کیے گئے مگر وہ جانبر نہ ہو سکے، جبکہ ڈمپر کی ٹکر سے والد زخمی ہوا۔ (بقیہ نمبر 15)

ٹھیکیدار لوئر مسوٹ روڈ کا کام ادھورا چھوڑ کر غائب

کروڑوں کا منصوبہ تاخیر اور ناقص میٹریل کے باعث کھٹائی میں

راولپنڈی (بیورو چیف) مری کے گاؤں لوئر مسوٹ کی مین روڈ کا پختہ کرنے کا کام ٹھیکیدار ادھورا چھوڑ کر چلا گیا، کروڑوں روپے مالیت کا منصوبہ تاخیر اور ناقص میٹریل کے باعث کھٹائی میں پڑ گیا۔ کئی ماہ گزرنے کے باوجود دو سے اڑھائی کلومیٹر سڑک (بقیہ نمبر 20)

کندھ کوٹ میں انٹرنیٹ سروسز بند، عوام شدید پریشان

ٹاورز صرف "لکڑیوں کی مانند" کھڑے ہیں، انٹرنیٹ سروسز مفلوج ہو چکی ہیں

کشمور (نامہ نگار) کندھ کوٹ میں انٹرنیٹ سروسز بند، عوام شدید پریشان ٹاورز صرف "لکڑیوں کی مانند" کھڑے ہیں ضلع کندھ کوٹ میں انٹرنیٹ سروسز مکمل طور پر مفلوج ہو چکی ہیں، جس کے باعث شہریوں، طلباء، تاجروں اور دیگر انٹرنیٹ (بقیہ نمبر 21)

ضلعی کونسلر ممتاز دہانی کے خلاف گاؤں والوں کا احتجاج

کشمور (بیورو رپورٹ) کندھ کوٹ: یوسی نصیر میں ضلعی کونسلر ممتاز دہانی کے خلاف گاؤں والوں کا احتجاج، نعرے بازی یوسی نصیر کندھ کوٹ میں ضلعی کونسلر ممتاز دہانی کے خلاف مقامی لوگوں نے بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے الزام لگایا کہ ممتاز دہانی (بقیہ نمبر 29)

ڈھوک باغ میں گھریلو رنجش پر 43 سالہ ظفر حسین قتل ملزم ساجد فرار

پنڈ دادنخان (بیورو چیف) تھانہ جلالپور شریف کے نواحی علاقے ڈھوک باغ میں گھریلو رنجش کے باعث ایک المناک واقعہ پیش آیا، جس میں 43 سالہ ظفر حسین ولد غلام حسین کو ساجد نامی شخص نے چھریوں کے پے در پے وار کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ عینی شاہدین کے مطابق مقتول کو شدید زخمی (بقیہ نمبر 30)

ٹیاری: گورنر سندھ کامران ٹیسوری حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی کے مزار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ
کینیڈا
www.layalpurpost.com

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ امریکا

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے امریکا کے دورے کے دوران اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت سے ملاقاتیں کی۔انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے امریکا کا سرکاری دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے پاکستانی نژاد امریکی کمیونٹی سے ملاقاتیں کیں۔فیلڈ مارشل نے ٹیمپا میں امریکی سینٹکام کے کمانڈر جنرل مائیکل کوریلا کی ریٹائرمنٹ تقریب میں شرکت کی، وہ کمانڈ تبدیلی کی تقریب میں بھی شریک ہوئے۔آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے جنرل کوریلا کی شاندار قیادت اور دوطرفہ عسکری تعاون مضبوط بنانے میں خدمات کو سراہا۔انہوں نے ایڈمرل کوپر کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق آرمی چیف نے اعتماد کا اظہار کیا کہ باہمی تعاون سے مشترکہ سکیورٹی چیلنجز کا سامنا جاری رکھا جائے گا۔فیلڈ مارشل نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل ڈین کین سے بھی ملاقات کی، ملاقات میں باہمی پیشہ ورانہ دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، آرمی چیف نے جنرل کین کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی۔آئی ایس پی آر کے مطابق انہوں نے جنرل ڈین کین کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی، اس موقع پر دوست ممالک کے دفاعی سربراہان سے بھی غیر رسمی ملاقاتیں ہوئیں۔آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے پاکستانی نژاد امریکی برادری کے ساتھ ایک انٹرا ایکٹو سیشن میں شرکت کی جس میں فیلڈ مارشل نے انہیں پاکستان کے روشن مستقبل پر اعتماد رکھنے اور سرمایہ کاری کے فروغ میں فعال کردار ادا کرنے پر زور دیا، تارکین وطن نے پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں بھرپور تعاون کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر......1

کو اطراف سے وسیع کیا جا رہا ہے-دورویہ ٹورزم شاہراہ 68 فٹ چوڑی ہے جس کے دونوں اطراف 20 فٹ چوڑی سروس روڈز بھی تعمیر کی جا رہی ہیں-22 کلومیٹر سے زائد طویل آر سی سی ڈرینج سسٹم، 10 کلومیٹر آرائشی دیوار کی تعمیر کے علاوہ جدید سولر اسٹریٹ لائٹس بھی نصب کی جا رہی ہیں-جنوری میں شروع ہونے والا منصوبہ تیزی سے تکمیل کی جانب بڑھ رہا ہے-ٹریفک میں روانی کے ساتھ ساتھ منصوبے کی تکمیل سے واہگہ بارڈر پر پریڈ دیکھنے کے لیے آنے والے ملکی و غیر ملکی سیاحوں کو بھی عالمی معیار کی سفری سہولتیں فراہم ہوں گی-لاکھوں لوگ روزانہ واہگہ ہیریٹیج کوریڈور استعمال کرتے ہیں-بھارت سے آنے والے سکھ یاتریوں کو آمد پر پاکستانی ثقافت، سیاحت اور خوبصورتی کے منفرد رنگ نظر آئیں گے-شہری سفر کے دوران قومی ہیروز کے پورٹریٹس اور روشنیوں سے مزین خوبصورت رنگ دیکھ سکیں گے-شاہراہ پر اب تک 2850 ملین روپے خرچ کیے جا چکے ہیں-شاہراہ کی تعمیر اور نئے سیوریج نظام کی تنصیب سے اہل علاقہ کا دیرینہ مسئلہ بھی حل ہو جائے گا-

بقیہ نمبر......2

ہے۔چیئرمین سی ڈی اے اور چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے شرکاء سے خطاب میں سائیکلنگ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ صحت مند، پائیدار اور جدید وفاقی دارالحکومت کی تعمیر کے لیے ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ سائیکلنگ نہ صرف جسمانی صحت کے لیے فائدہ مند ہے بلکہ ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے، آلودگی میں کمی اور غیر موٹرائزڈ ٹرانسپورٹ کے فروغ میں بھی مددگار ہے۔سائیکلنگ محض ایک کھیل نہیں بلکہ طرزِ زندگی ہے جو فٹنس، ماحول کے تحفظ اور کمیونٹی اسپرٹ کو فروغ دیتی ہے۔سائیکلنگ کو فروغ دے کر ہم شہریوں کی صحت اور اسلام آباد کی پائیداری میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔چیئرمین نے مزید کہا کہ سی ڈی اے سائیکلنگ ٹریکس کی تعمیر، سائیکل سواروں کے لیے روڈ سیفٹی میں بہتری، اور شہری منصوبہ بندی میں سائیکلنگ انفراسٹرکچر کے انضمام کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اسلام آباد کو پائیدار شہری ٹرانسپورٹ کا ماڈل شہر بنایا جائے گا۔مقابلہ انعامات اور اسناد کی تقسیم کے ساتھ اختتام پذیر ہوا، اور چیئرمین نے ایم سی آئی، سی ڈی اے کی ٹیموں، رضاکاروں اور سائیکلنگ کلبز کی کاوشوں کو سراہا جن کی بدولت یہ ایونٹ کامیابی سے ہمکنار رہا۔

بقیہ نمبر......3

قائداعظم محمد علی جناح کے اُس تاریخی خطاب کی یاد دلاتا ہے جو انہوں نے 1947 میں دستور ساز اسمبلی سے کیا۔اس خطاب میں انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان میں بسنے والے تمام شہری، چاہے ان کا تعلق کسی بھی مذہب، ذات یا نسل سے ہو، برابر حقوق رکھتے ہیں اور اپنی مذہبی عبادات و رسومات کے مطابق مکمل آزادی کے ساتھ زندگی گزار سکتے ہیں۔اسپیکر قومی اسمبلی نے پارلیمان میں اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے نمائندوں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پارلیمان میں اقلیتی نمائندوں کی شمولیت پاکستان میں جمہوری اقدار کے فروغ کی عکاسی ہے۔انہوں نے کہا کہ اقلیتی اراکینِ پارلیمنٹ قانون سازی اور عوامی فلاح و بہبود کے شعبوں میں گراں قدر خدمات انجام دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ موجودہ پارلیمان، قائداعظم محمد علی جناح کے وژن کے مطابق، اقلیتی برادری کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانے کے لیے پُرعزم ہے۔ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے اقلیتوں کے قومی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اقلیتی برادری بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی اقلیتی برادری کو ان کے مذہب اور عقائد کے مطابق زندگی بسر کرنے کی مکمل آزادی حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ پرامن اور مضبوط پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ ملک تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد رواداری، ہم آہنگی اور اتحاد کو اپنا شعار بنائیں۔

بقیہ نمبر......4

معرکہ حق کی فتح کے جذبے سے سرشار قوم 79واں یوم آزادی بھی تاریخی انداز میں منائے گی۔انہوں نے کہا کہ اضلاع کے درمیان جشن آزادی پر خوبصورت چراغاں کرنے کا مقابلہ جاری ہے، آزادی فلوٹس کا بھی مقابلہ ہوگا، سب سے خوبصورت فلوٹ سجانے اور بہترین چراغاں پر انعام دیں گے، سب سے زیادہ خوبصورتی سے سجائے گئے بازار کو بھی انعام ملے گا۔مریم اورنگزیب نے مزید کہا کہ تحفظ آزادی کے احساس نے حصول آزادی کے جشن کو دوبالا کر دیا ہے، نوجوان اور بچوں کا جوش وجذبہ قابل تحسین ہے، تعلیمی ادارے اور شہری تنظیموں کی جشن آزادی سے متعلق سرگرمیوں کو مکمل سہولیات فراہم کر رہے ہیں، ضلعی انتظامیہ اور تمام ادارے 14 اگست کی تیاریوں میں اشتراک عمل سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر......5

صرف 2، دو گھنٹے کے لیے پروازوں کی آمد اور روانگی معطل رہے گی۔ترجمان کے مطابق پروازوں کی آمدورفت یومِ آزادی سے قبل طیاروں کی ریہرسل کے باعث معطل رہیگی۔ 11 سے 14 اگست صبح 11 سے دوپہر ایک بجے آمدورفت بندر ہے گی جبکہ 11 سے 13 اگست کو شام 8 بجے سے رات 10 بجے پروازوں کی آمدروفت بند رہے گی۔ترجمان ایئرپورٹ اتھارٹی کا بتانا ہے کہ مختصر وقفوں کے علاوہ ایئرپورٹ پر تمام پروازیں معمول کے مطابق جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر......6

رسپانس ٹیم نے 39 وزارتوں اور اداروں کو خط کر ممکنہ تباہ کن اثرات سے خبردار کر دیا۔نیشنل سرٹ کے مطابق وزارتوں، اہم اداروں میں "بلولاکر رینسم ویئر" کیسا ئبر حملے سے بچا کیلئے ایڈوائزری جاری کی گئی تھی، حملے سے مستقل ڈیٹا نقصان، کاروباری سرگرمیوں میں تعطل، حساس معلومات افشا ہو سکتی ہیں۔خط سیکرٹری کابینہ، سیکرٹری داخلہ، سیکرٹری خارجہ، ڈی جی نیکٹا، ڈی جی، ایف آئی اے، نیشنل سیکیورٹی ڈویژن، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن، الیکشن کمیشن، قومی اسمبلی، پیمرا سمیت دیگر اداروں کو لکھا گیا ہے۔این آئی ٹی بی، این ڈی ایم اے، اوگرا، ایف بی آر، خارجہ، خزانہ سمیت تمام اہم وزارتوں کو خط لکھا گیا ہے۔نیشنل سرٹ کے مطابق "بلولاکر رینسم ویئر" سائبر حملے کی شدت انتہائی سنگین ہے، ایڈوائزری تمام متعلقہ محکموں اور اداروں تک پہنچائی جائے۔متاثرہ سسٹمز کو فوراً نیٹ ورک سے الگ کرتے ہوئے واقعہ رپورٹ کیا جائے۔ایڈوائزری کے مطابق ونڈوز پر مبنی ڈیسک ٹاپ، لیپ ٹاپ، سرورز، نیٹ ورک، کلاؤڈ اسٹوریج حملوں کا نشانہ بن رہے ہیں، نیشنل سرٹ کی غیر تصدیق شدہ ذرائع سے ڈاؤن لوڈ نہ کرنے، مشکوک لنک اور فائل کو کلک نہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔نیشنل سرٹ کیمطابق خطرناک "بلولاکر رینسم ویئر" فائلز لاک کر کے تاوان طلب کرتا ہے، صورتحال کے پیش نظر ملازمین کو سائبر حملوں سے بچاؤ، مشکوک ای میلز، لنکس پہچاننے کی فوری تربیت دی جائے۔

بقیہ نمبر......7

سے پشاور کے لیے جا رہی تھی کہ سپیزنڈ مستونگ کے قریب ریلوے ٹریک پر دھماکا ہو گیا۔دونوں مقامات پر ٹریک کی مرمت اور امدادی سرگرمیاں شروع کر دی گئیں۔دونوں واقعات میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، حادثے کی وجوہات جاننے کیلئے تحقیقات جاری ہے۔تفصیل کے مطابق مستونگ کے قریب ریلوے ٹریک پر دھماکے کے نتیجے میں جعفر ایکسپریس کی 6 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں۔ریلوے حکام کے مطابق جعفرا یکسپریس کوئٹہ سے پشاور کے لیے صبح 9 بجے روانہ ہوئی تھی کہ سپیزنڈ مستونگ کے قریب ریلوے ٹریک پر اس وقت دھماکا ہو گیا جب جعفرا یکسپریس گزر رہی تھی۔حکام کا بتانا ہے کہ دھماکے سے جعفر ایکسپریس کی 6 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں تاہم کوئی مسافر زخمی نہیں ہوا۔یاد رہے چند روز قبل سبی میں بھی ریلوے ٹریک پر دھماکا ہوا تھا جس کے نتیجے میں جعفرا یکسپریس حادثے سے بال بال بچ گئی تھی۔دوسری جانب رحیم یار خان میں بھی خان پور ستی پھاٹک پر عوام ایکسپریس کی 3 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں۔ریلوے حکام کا اس حوالے سے بتانا ہے کہ ٹرین پشاور سے کراچی جا رہی تھی کہ خان پور میں حادثے کا شکار ہو گئی، حادثے کا شکار بوگیوں کو ٹرین سے الگ کر دیا گیا۔حکام کا کہنا ہے کہ حادثے کی وجہ معلوم نہیں ہو سکیں، تاہم روہڑی اور سمہ سٹہ سے امدادی ٹرین موقع پر پہنچ گئی ہے جبکہ حادثے کے باعث ڈاؤن ٹریک ٹرینوں کی آمدورفت معطل ہے۔

بقیہ نمبر......8

کے دوران جاپان کی جانب سے پاکستان کے لیے بڑے معاشی و تجارتی پیکج کا اعلان متوقع ہے، جس میں سرمایہ کاری، صنعتی ترقی، ٹیکنالوجی کے تبادلے اور برآمدات کے فروغ سے متعلق منصوبے شامل ہوں گے، متعدد اہم معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط بھی ہوں گے، جنہیں دونوں ممالک کے تعلقات میں سنگِ میل قرار دیا جا رہا ہے۔اس سے قبل 2005 میں اس وقت کے وزیراعظم شوکت عزیز نے جاپان کا دورہ کیا تھا۔جاپان کے سفیر اکاماتسو شوئچی نے اس دورے کو غیر معمولی اہمیت کا حامل قرار دیتے ہوئے کہا کہ جاپان پاکستان کا دیرینہ دوست ہے اور یہ دورہ تعلقات میں نئے باب کا آغاز کرے گا، وزیراعظم شہباز شریف جاپانی وزیراعظم سمیت اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کریں گے، وہ چاہتے ہیں یہ دورہ حکومتی سطح کے ساتھ عوامی، کاروباری اور تعلیمی شعبوں میں بھی تعاون کے نئے دروازے کھولے۔واضح رہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف 17 اگست کو 5 روزہ سرکاری دورے پر جاپان جائیں گی، جہاں وہ سرمایہ کاری کانفرنس سے خطاب کریں گی اور اعلیٰ جاپانی حکومتی شخصیات و بزنس لیڈرز سے ملاقات کریں گی، ان کا مقصد پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع متعارف کرانا اور تجارت، ٹیکنالوجی، تعلیم اور زراعت کے شعبوں میں تعاون بڑھانا ہے

بقیہ نمبر......9

سنا دی۔ مجرم سے 2 کلو 400 گرام چرس برآمد ہوئی تھی اور اسے پیرودھائی پولیس نے مارچ 2025 میں گرفتار کیا تھا۔سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس ایس پی انویسٹیگیشن اور لیگل ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر......10

ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اسلام آباد پولیس کے افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے اپنے دفتر میں اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں آپریشنز ڈویژنز کے پولیس افسران نے شرکت کی، اردل روم میں پولیس افسران نے ذاتی اور سرکاری نوعیت کے مسائل ڈی آئی جی اسلام آباد کے سامنے رکھے، انہوں نے سنگین نوعیت کے معاملات پر سینئر پولیس افسران کو از سر نو انکوائریاں مکمل کرنے کی ہدایت کی، جبکہ پولیس افسران کے باقی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کے احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پولیس ملازمین کی ویلفیئر کے لئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں جن میں رہائش، بہترین طبی سہولیات اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا شامل ہیں، انہوں نے افسران سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آپ کو کسی بھی قسم کا مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کا دروازہ آپ کے لئے ہمیشہ کھلا ہے، ہم سب نے مل کر اس شہر کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کی ویلفیئر، ذاتی و سرکاری مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیساتھ ان کے مورال کو بلند کرنا ہے۔

بقیہ نمبر......11

ایس پی انڈسٹریل ایریا زون، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران نے شرکت کی، اس موقع پر ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے راہزنی اور دیگر سنگین جرائم کے زیر تفتیش مقدمات کا جائزہ لیا، انہوں نے افسران کو اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی ہدایات کیں، سنگین جرائم کے انسداد اور ایسے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، عدم گرفتار ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے تفتیش کو میرٹ پر یکسو کر کے ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان مجاز عدالتوں میں بھجوائیں اور مجرمان کو زیادہ سے زیادہ عدالتوں سے سزائیں دلوائیں، جرائم پیشہ گروہوں کے عدم گرفتار ارکان کی گرفتاریاں یقینی بنائی جائیں، انہوں نے مزید کہا کہ اشتہاری ملزمان کی زیادہ سے زیادہ گرفتاریاں کی جائیں، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے اس میں کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ نمبر......12

چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر......13

والدین نے بچی پر تشدد کیا اور اسکو گھر میں بند کر کے چلے گئے ہیں، دھمیال پولیس نے فوری رسپانڈ کیا اور بچی کو زخمی حالت میں ریسکیو کیا، بچی کو فوری حفاظت تحویل میں لے کر طبی امداد اور علاج معالجہ کروایا گیا، بچی کو چائلڈ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ کے حوالے کیا گیا ہے۔سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ بچوں پر تشدد کسی صورت برداشت نہیں۔

بقیہ نمبر......14

گڈو کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد نے اکبر پٹھان ولد ایوب پٹھان کو اغواء کر لیا تھا ایس ایس پی کشمور محمد مراد گھانگھرو کی ہدایت اور براہِ راست نگرانی میں کشمور پولیس اور رینجرز نے خفیہ اطلاع پر تھانہ گیھلپور اور حاجی خان شر کی حدود میں کچھے کے علاقے کی طرف جانے والے راستے پر انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کیا مربوط حکمتِ عملی کے تحت علاقے کا محاصرہ کیا گیا اور مغوی کو اغواء کاروں کے چنگل سے بازیاب کرا لیا گیا بعد ازاں مغویوں کو ان کے اہلِ خانہ کے حوالے کیا گیا، جنہوں نے پولیس و رینجرز کی بروقت اور پیشہ ورانہ کارروائی پر دلی شکریہ ادا کیا یاد رہے کہ اس جاری آپریشن کے دوران دو ڈاکو ہلاک جبکہ پندرہ سے زائد زخمی ہوئے تھے اور علاقے میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا مزید تنگ کر دیا گیا ہے مزید آبراں آپریشن کے دوران 14 مغویوں کو ڈاکوؤں کے چنگل سے بحفاظت بازیاب کرایا جا چکا ہے۔علاقے میں سیکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے اور داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ کو مؤثر بنایا گیا ہے، جبکہ اغواء میں ملوث عناصر کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن کا دائرہ مزید وسیع کیا جا رہا ہے

بقیہ نمبر......15

جاں بحق ہونے والی بہن اور بھائی کی شناخت 22 سالہ ماہ نور دختر شاکر اور 14 سالہ احمد رضا ولد شاکر کے نام سے کر لی گئی ہے، جبکہ زخمی والد کی شناخت شاکر ولد صلاح الدین کے نام سے ہوئی ہے۔ریسکیو حکام نے بتایا تھا کہ بدقسمت باپ بچوں کو شادی کی تقریب میں ملیر لے کر گیا تھا، واپس گھر نیو کراچی جاتے ہوئے ٹریفک حادثہ پیش آیا، بہن اور بھائی ٹریفک حادثے کی بھینٹ چڑھ کر دم توڑ گئے، جب کہ باپ زخمی ہو گیا۔حادثے میں جاں بحق ہونے والی ماہ نور کی اگلے ماہ شادی طے تھی، مگر قسمت نے اس کے ہاتھوں میں مہندی کی بجائے کفن تھما دیا۔اہل خانہ کے مطابق وہ جہیز کی تیاریوں میں مصروف تھے لیکن ایک لمحے میں سب خواب ٹوٹ گئے۔حادثے کے بعد علاقہ میدانِ جنگ بن گیا، عینی شاہدین کے مطابق شہریوں نے ڈمپر ڈرائیوروں کو پکڑ کر شدید تشدد کا نشانہ بنایا اور قریب کھڑے ڈمپرز پر پتھراؤ کیا اور 7 ڈمپرز کو آگ لگا دی۔چار ڈمپر کو گلشن چورنگی سہراب گوٹھ جانے والی سڑک پر نظر آتش کیا گیا، جبکہ 3 ڈمپرز کو سہراب گوٹھ سے گلشن چورنگی کی جانب جانے والی شاہراہ پر نظر آتش کیا گیا۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور رینجرز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی ہے اور صورتِ حال پر قابو پانے کی کوشش کی۔ فائر بریگیڈ کی کئی گاڑیاں بھی طلب کی گئیں، فائر بریگیڈ اور ریسکیو حکام نے ڈمپرز میں لگی آگ کو بجھا دیا ہے۔ایس پی گلبرگ اقبال شیخ کے مطابق موٹر سائیکل پر باپ، بیٹا اور بیٹی سوار تھے جنہیں فیڈرل بی ایریا صغیر سینٹر کے قریب ڈمپر نے ٹکر ماری۔انہوں نے بتایا کہ ٹکر کے نتیجے میں بیٹا، بیٹی جاں بحق جبکہ ان کا والد زخمی ہو گیا، حادثے کا سبب بننے والے ڈمپر کے ڈرائیور کو عوام نے شدید تشدد کا نشانہ بنایا۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈرائیور فردوس خان کو زخمی حالت میں حراست میں لے لیا گیا ہے، جبکہ مشتعل افراد نے 7 ڈمپروں کو نذر آتش کر دیا ہے۔پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے واقعے میں ملوث 10 مشتبہ افراد کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا ہے۔پولیس کے مطابق سی سی ٹی وی فوٹیج اور ویڈیوز کی مدد سے مزید گرفتاریاں کی جائیں گی۔

Munir Ahmed Dar "Publisher & Chief Editor" Weekly "Layalpur Post" Canada, 418 Coxwell Ave, Toronto Ontario Canada M4L3B7
Canada: Cell: 416-731-3739: 437-237-1014, Email: layalpurpost@gmail.com, munirdar41@gmail.com, munirdar41@yahoo.com

Rg.No. 1546653-9

ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار

ہفت روزہ

www.layalpurpost.com

لائلپور پوسٹ

چیف ایڈیٹر پبلشر منیر احمد ڈار

ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار

جلد نمبر 2 | منگل، 12 اگست 2025ء، 17 صفر المظفر 1447ھ 28 ساون 2081 ب م | شمارہ نمبر 42

"اے میرے ہم وطنو!"

تحریر، سیدہ نزہت ایوب کاظمی، اسلام آباد

خوش قسمت ہیں وہ قومیں جو روئے زمین پر آزادی کی زندگی جی رہی ہیں آزادی ہزار ہا نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔ بلکہ میں سمجھتی ہوں آزادی افضل ترین نعمتوں میں سے اک نعمت ہے ۔ ویسے تو اللہ کے دی ہر نعمت ہی افضل مگر آزادی کے بارے میں اگر بات کی جائے تو اللہ رب العزت جو کہ بندوں کا خالق ہے اس نے بھی بندوں کو اپنا غلام نہیں بنایا اس نے انسان کو خلق فرمایا اسے شعور عطا فرما کے اچھے اور برے رستے اس کے سامنے رکھ دیے اچھے راستے کے سامنے رب نے اپنے رضا رکھ دی اور برے رستے کے سامنے رب نے اپنی ناراضگی رکھ دی، اب خالق کی بنائی ہوئی مخلوق اچھے راستے پہ چلے گی رب کی رضا پا کے جنتوں کی راہی بنے گی اور اگر برے راستے پر چلے گی تو رب کی خفگی پا کر جہنم کا ایندھن بنے گی۔

یعنی ہم کہہ سکتے ہیں کہ انسان آزاد ہے حتیٰ کہ اتنا آزاد ہے کہ وہ چاہے تو جہنم پالے چاہے تو جنت پالے ۔اس قدر انسان کو ازادی عطا کرنے کے باوجود رب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے انسان کے لیے کچھ حدود و قیود مقرر فرما دیں کہ کہیں انسان کی آزادی بے لگام نہ ہو جائے اور انسان، انسانیت کی قدریں پامال کرنے لگے۔ برصغیر میں جب مسلمانوں کی سلطنت تنزلل کا شکار ہوئی گورے حکمران ہوئے ،جتنی دیر بھی گورے برصغیر میں بطور حکمران رہے مسلمانوں پر مکمل بازیابی نہ پا سکے اسی سلسلے کی ایک کڑی میں ایک گورے ریسرچر نے اپنی حکومت کو یہ لکھ کر دیا تھا مسلمان کو کبھی بھی آپ غلام نہیں بنا سکتے۔

اب کچھ باتیں حال کے آئینے سے،

بھارت نے پہلگام واقع کا الزام پاکستان پر لگاتے ہوئے پاکستان کے خلاف جنگ کا اعلان کر دیا، پاکستان کی حکومت اور فوجی قیادت نے کہا کہ چھان بین کرائی جائے اگر مجرم پاکستان کے نکلے تو ان کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے گی لیکن ثبوت پیش کیے جائیں اور ثابت کیا جائے ثابت کرنے سے پہلے ہم پر بہتان نہ باندھا جائے۔مگر بھارت اپنی بہتان بازی پر قائم رہا حتی کہ اس نے پاکستان پر حملہ کر دیا۔پاکستان نے تین دن تک جوابی کاروائی نہیں کی اور جب کی تو پھر چند ہی گھنٹوں میں فتح اپنے نام لکھوا لی۔پاکستان کے اس حملے میں بھارت کے جہاز بھی تباہ ہوئے۔جس کا ثبوت نہ صرف پاکستان کے محافظوں بلکہ پوری دنیا نے بھی دیا۔اتنے مہینوں کبھی تو بھارت مکرتا رہا کہ ہمارے جہاز نہیں گرے ہمارا نقصان نہیں ہوا۔کبھی کہیں مانا کہ ہاں جنگوں میں نقصان ہو جایا کرتا ہے لیکن ان کا ذکر نہیں کیا جاتا۔اے میرے محترم قاری دراصل نئی بات یہ ہوئی کہ بھارت کے ائیر چیف نے کانفرنس کر کے کہا کہ ہم نے پاکستان کے پانچ جہاز گرائے ------- بھارت کے جھوٹ سن سن کر تو دماغ ہی سٹپٹا جاتا ہے کہ دنیا میں ایسے ایسے جھوٹے بھی پائے جاتے ہیں۔

ہم پاکستانیوں کا اپنی پاکستان کی فوج کو سلوٹ پیش کرنا تو بنتا ہے اس بات پر کہ ان کا مقابلہ کیسے کیسے جھوٹوں کے ساتھ ہے۔

آپریشن بنیان مرصوص: ایمان اور خوف کی نئی تعریف

میڈیا آئی



عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

بھارت اور پاکستان کے درمیان فوجی کارروائیاں اکثر گہری نظریاتی، قومی اور مذہبی اہمیت رکھتی ہیں۔ ایک ایسی ہی کارروائی، آپریشن بنیان مرصوص، جو حال ہی میں پاکستانی فوج نے کامیابی سے سرانجام دی، نے نہ صرف اپنے فوجی مقاصد کے لیے بلکہ اس کے پیچھے کارفرما ایمان سے متاثر حوصلے کے لیے بھی توجہ حاصل کی ہے ۔ یہ آپریشن، جسے لوگ بھارتی جارحیت کا دفاعی جواب سمجھتے ہیں، محض ایک فوجی مصروفیت سے کہیں زیادہ تھا۔ پاکستانی مسلمانوں کے لیے یہ جہاد اور شہادت کا راستہ تھا۔

اس کے برعکس، بھارتی فوجی، اضطراب اور موت کے خوف کا تجربہ کرتے ہیں، خاص طور پر جب انہیں اپنے مخالفین کے مذہبی جوش کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ آپریشن بنیان مرصوص، جو بھارتی افواج کے پاکستان کی شہری آبادی پر حملوں کے بعد شروع کیا گیا تھا، پاکستانی مذہبی رہنماؤں اور فوجی کمانڈروں کی طرف سے دفاعی جہاد کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ جہاد کی یہ سمجھ شہادت کی آرزو سے مزید مضبوط ہوتی ہے ، جو اللہ کی راہ میں شہادت کو ظاہر کرتی ہے۔ اس آپریشن میں شامل افراد کے لیے ، جنگ محض دشمن کو شکست دینے کے بارے میں نہیں تھی؛ یہ شہادت حاصل کرنے کے بارے میں تھی، جسے اسلام میں سب سے بڑا روحانی اعزاز سمجھا جاتا ہے۔

شہادت پاکستانی فوجی کے مذہبی شعور کا مرکز ہے، جسے سکھایا جاتا ہے کہ جہاد کی راہ میں موت آخرت میں ابدی انعامات کا دروازہ کھولتی ہے۔ سوشل میڈیا پر متعدد ویڈیوز گردش کرتی رہی ہیں، جن میں پاکستانی فوجی شہادت کی اپنی گہری خواہش اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے دکھائے گئے ہیں۔ ان کے لیے، موت کا خوف اکثر اعلیٰ مقصد اور روحانی جوش کے گہرے احساس سے بدل جاتا ہے۔ مسلمان کے نزدیک موت کو ایک انجام کے طور پر نہیں بلکہ جنت کی طرف ایک عبوری مرحلے کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ قرآن اور حدیث میں بار بار شہادت کی اہمیت پر زور دیا گیا ہے، اس عقیدے کے ساتھ کہ شہید کی روح کو ابدی سکون اور الٰہی فضل عطا کیا جاتا ہے ۔ یہ عقیدہ جنگ کے نفسیاتی نقطہ نظر کو ڈرامائی طور پر بدل دیتا ہے۔ ان تعلیمات سے متاثر فوجی خوف یا ہچکچاہٹ سے نہیں بلکہ عزت، فرض اور اپنے مذہبی مقصد سے عہد کے احساس سے کارفرما ہوتے ہیں۔

آپریشن بنیان مرصوص کے تناظر میں پیغام واضح تھا کہ جو جنگ میں مرتے ہیں انہیں مردہ کے طور پر نہیں بلکہ اپنے ایمان کے گواہ کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ پاکستانی مسلمانوں کے لیے یہ آپریشن اسلام سے اپنی وابستگی کو دوبارہ مضبوط کرنے کا ایک موقع فراہم کرتا تھا۔ مذہبی فرض اور فوجی مصروفیت کے درمیان تعلق نمایاں نفسیاتی طاقت فراہم کرتا ہے جو موت کو ایک رکاوٹ سے ایک مقصد میں تبدیل کرتا ہے۔ اس تناظر میں شہادت کو نقصان کے بجائے ایک انعام کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ یہ نقطہ نظر لڑنے والوں کو ممکنہ موت کے سامنے سکون اور قبولیت کا احساس فراہم کرتا ہے، کیونکہ وہ یقین رکھتے ہیں کہ ان کی قربانی ایک اعلیٰ اور نیک مقصد کی تکمیل کرتی ہے۔ دوسری طرف، بھارتی فوجیوں کو ایک مختلف نفسیاتی حقیقت کا سامنا تھا۔ انہیں ایک ایسے دشمن کا سامنا تھا جس کے محرکات روحانی اور مذہبی عقائد میں گہرائی سے جڑے ہوئے تھے۔ بھارتی فوج کے لیے جنگ بنیادی طور پر قومی دفاع اور علاقائی خودمختاری پر مرکوز ہے نہ کہ کوئی مذہبی یا روحانی مشن۔ یہ تضاد ایک منفرد تناؤ پیدا کرتا ہے، کیونکہ بھارتی فوجی یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ان کے مخالفین ایمان، نظریے اور شہادت کے وعدے کے امتزاج سے کارفرما ہیں، جو ان کے اپنے محرکات میں مرکزی کردار ادا نہیں کرتے۔

اس صورتحال میں بھارتی فوجیوں کے لیے موت کا خوف زیادہ نمایاں ہو سکتا ہے، خاص طور پر جب ایک ایسے دشمن کا سامنا ہو جو موت سے نہیں ڈرتا بلکہ اسے اپنے نیک مشن کا حصہ سمجھتا ہے۔ پاکستانی نقطہ نظر کے برعکس، جہاں شہادت کو ایک اعزاز کے طور پر منایا جاتا ہے ، بھارتی افواج موت کو ایک المناک اور بدقسمت واقعہ سمجھتی ہیں جسے ٹالنا چاہیے۔ ایک سیکولر فوجی تناظر میں، ایک اعلیٰ مقصد کے لیے مرنے کا تصور اتنا گہرا نہیں ہوتا جتنا مذہبی طور پر حوصلہ افزائی کرنے والی افواج میں ہوتا ہے ۔ بھارتی فوجیوں کے لیے، ایک ایسے دشمن سے لڑنے کا نفسیاتی بوجھ جو موت کو مذہبی جوش کے آئینے سے دیکھتا ہے، غیر یقینی اور خوفزدگی کا ماحول پیدا کرتا ہے ۔ موت کا یہ خوف بھارتی افواج کے لیے نفسیاتی نقصان کا باعث بھی بنتا ہے جب وہ ایک ایسے حریف کے ساتھ براہ راست لڑائی میں مشغول ہوتے ہیں جو صرف قومی فخر سے آگے جا کر روحانی نجات کے لیے لڑ رہے ہیں۔

یہ تضاد جنگ میں عدم توازن کا باعث بنتا ہے، جہاں ایک طرف روحانی فتح کے احساس سے کارفرما ہے جبکہ دوسری طرف، قومی دفاع کے تئیں اپنی وابستگی کے باوجود، موت کے فطری خوف کا سامنا کرتی ہے ۔ آپریشن بنیان مرصوص کا ایک مرکزی پہلو پاکستانی افواج کے مذہبی جوش اور بھارتی افواج کی سیکولر قوم پرستی کے درمیان نظریاتی تصادم تھا۔ پاکستان کی فوج کے لیے ، جہاد صرف ایک جغرافیائی سیاسی جدوجہد نہیں بلکہ ایک روحانی جدوجہد ہے ۔ فوجی خود کو ایک مذہبی طور پر مقرر کردہ مشن کا حصہ سمجھتے ہیں اور اپنے اعمال کو اسلامی مزاحمت کے ایک بڑے بیانیے سے ہم آہنگ کرتے ہیں۔ شہادت کا تصور پاکستانی فوجیوں کے مقصد کے احساس کو مضبوط کرتا ہے، کیونکہ وہ جنگ میں اپنی شرکت کو اللہ کے تئیں عقیدت کا عمل سمجھتے ہیں۔

بھارت کی طرف سے تنازعے کو بنیادی طور پر قومی خودمختاری کے لحاظ سے دیکھا گیا۔ بھارتی فوجی نظریہ ریاست، اس کے علاقے اور اس کے لوگوں کی حفاظت پر مرکوز ہے۔ بھارتی فوجیوں کو موت کا فطری خوف درپیش ہوتا ہے جو اس بات کے علم سے آتا ہے کہ ان کی قربانیوں کا کوئی روحانی یا مذہبی اجر نہیں ہے ۔ جنگ میں موت کو ایک المناک نقصان سمجھا جاتا ہے بجائے اس کے کہ اسے ابدی زندگی کی طرف ایک عبوری مرحلہ یا الٰہی نعمت کا ذریعہ سمجھا جائے۔ ان دو نقطہ نظر کے درمیان واضح نظریاتی فرق ایک ایسی صورتحال پیدا کرتا ہے جہاں مذہبی جذبہ اور قومی بقا ایک دوسرے کو کاٹتے ہیں۔ آپریشن بنیان مرصوص میں پاکستان اور پاکستانی فوج کی شاندار کامیابی اندرونی اور بیرونی دشمنوں کے لیے ایک کھلا پیغام ہے ۔ پاکستانی عوام اور مسلح افواج کے لیے ملک کا دفاع صرف ایک فریضہ نہیں ہے بلکہ یہ ایمان کا معاملہ ہے اور وہ اس عظیم مقصد کے لیے اپنی جانیں دینے سے بھی نہیں ڈرتے۔

فلسطین اور اسرائیل کا تنازع: بڑھتا ہوا بین الاقوامی دباؤ، انسانی بحران اور پاکستان کا کردار

کالم نگار ۔۔۔ منیر احمد ڈار
پبلشر اینڈ چیف ایڈیٹر
لائلپور پوسٹ' پاکستان' کینیڈا

غزہ اور اسرائیل کے درمیان جاری تنازع نے ایک بار پھر عالمی توجہ حاصل کر لی ہے، جس کی شدت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ حال ہی میں غزہ میں ایک اسرائیلی فضائی حملے کے نتیجے میں پانچ الجزیرہ کے صحافیوں سمیت نو افراد کی ہلاکت نے بین الاقوامی سطح پر شدید مذمت کو جنم دیا ہے۔ یہ واقعہ ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو غزہ شہر میں فوجی کارروائیوں کو وسعت دینے کے منصوبے کا دفاع کر رہے ہیں۔

بین الاقوامی ردعمل اور انسانی بحران۔۔۔

اس تازہ صورتحال کے جواب میں، کئی ممالک فلسطین کو ایک آزاد ریاست کے طور پر تسلیم کرنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔ آسٹریلیا نے آئندہ ماہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں فلسطین کو باقاعدہ طور پر تسلیم کرنے کے اپنے ارادے کا اعلان کیا ہے، اور اسی طرح، کینیڈا بھی مبینہ طور پر اس طرح کے اقدام پر غور کر رہا ہے۔ ان اقدامات کو فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کی حمایت میں ایک اہم پیش رفت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

دوسری جانب، اسرائیل کے اقدامات کے خلاف اور فلسطین کی حمایت میں دنیا بھر کے شہروں، خصوصاً بڑے پیمانے پر احتجاجی مظاہرے ہو رہے ہیں۔ ان مظاہروں میں ہزاروں افراد شریک ہیں، جو غزہ میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور شہری ہلاکتوں کی شدید مذمت کر رہے ہیں۔ غزہ میں جاری انسانی بحران اور صحافیوں کی ہلاکت جیسے واقعات نے عالمی برادری کو مجبور کیا ہے کہ وہ ایک واضح موقف اپنائے۔ الجزیرہ نے ان ہلاکتوں کو "صحافت کی آزادی پر ایک صریح اور سوچی سمجھی سازش" قرار دیا ہے اگرچہ اسرائیلی فوج نے دعوی کیا ہے کہ ہلاک ہونیوالے صحافیوں میں سے ایک کا تعلق حماس سے تھا، پریس فریڈم گروپس اور الجزیرہ نے ان دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے بین الاقوامی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ آسٹریلیا اور کینیڈا جیسے ممالک کی طرف سے فلسطین کو تسلیم کرنے کا اقدام اس وقت سامنے آیا ہے جب بین الاقوامی دباؤ بڑھ رہا ہے کہ "دو ریاستی حل" کو عملی جامہ پہنایا جائے۔ آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتھونی البانیز نے کہا ہے کہ فلسطین کو تسلیم کرنا مشرق وسطی میں امن کی بہترین امید ہے۔ اسکے برعکس، اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے اس طرح کے اقدامات کو "شرمناک" قرار دیا ہے اور دعوی کیا ہے کہ یہ حماس کے حوصلے بلند کریں گے۔

پاکستان کا تاریخی اور موجودہ کردار

غزہ کے تنازع نے ایک عالمی انسانی اور سیاسی بحران کی شکل اختیار کر لی ہے۔ اس تناظر میں، پاکستان کا کردار اور موقف ہمیشہ سے واضح اور غیر متزلزل رہا ہے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کا ایک بنیادی ستون فلسطینی عوام کے حقوق اور ان کی آزادی کی مکمل حمایت ہے۔

تاریخی موقف: پاکستان قیام کے بعد سے ہی فلسطینی کاز کا پرزور حامی ہے۔ 1948 کی عرب-اسرائیلی جنگ میں فوجی امداد فراہم کرنے کی کوششوں سے لے کر 1952 میں اقوام متحدہ میں اسرائیل کے خلاف پاکستانی وزیر خارجہ کا سخت موقف، اور 1967 اور 1973 کی جنگوں میں پاکستان ایئر فورس کے پائلٹ کا عرب ممالک کی طرف سے لڑنا، یہ سب پاکستان کی فلسطین سے گہری وابستگی کو ظاہر کرتے ہیں۔

موجودہ صورتحال میں کردار: موجودہ تنازع میں، پاکستان کی حکومت اور عوام دونوں نے غزہ میں اسرائیلی کارروائیوں کی شدید مذمت کی ہے۔ الجزیرہ کے صحافیوں کی ہلاکتوں پر پاکستان نے عالمی برادری سے "فیصلہ کن اقدامات" کا مطالبہ کیا ہے۔

سفارتی اقدامات: پاکستان نے اقوام متحدہ میں متعدد بار آواز اٹھائی ہے۔ حال ہی میں، پاکستانی مندوب نے سلامتی کونسل میں غزہ شہر پر اسرائیل کے قبضے کے منصوبے کی شدید مذمت کی اور سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا کہ وہ اسرائیل پر باب ہفتم کے تحت پابندیاں عائد کرے اور فلسطینیوں کے تحفظ کے لیے بین الاقوامی فورس تعینات کرے۔

حکومتی پالیسی: پاکستان کی حکومت نے غزہ کی صورتحال کو "انسانیت کا بدترین المیہ" قرار دیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اس بات پر زور دیا ہے کہ جب تک فلسطین کو 1967 کی سرحدوں کیمطابق ایک آزاد ریاست کے طور پر تسلیم نہ کیا جاتا، جس کا دارالحکومت القدس شریف ہو، تب تک اسرائیل کے ساتھ تعلقات معمول پر نہیں آئیں گے۔

انسانی ہمدردی کی امداد: پاکستان نے غزہ کے محصور فلسطینیوں کے لیے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امدادی سامان بھی بھیجا ہے، جس میں سرکاری اور فلاحی تنظیموں نے اہم کردار ادا کیا

عوامی حمایت: پاکستان میں عوامی سطح پر فلسطینیوں کی حمایت میں مظاہرے اور ریلیاں ایک معمول بن چکی ہیں۔ عوام نے اسرائیلی مصنوعات کے بائیکاٹ کی بھی مہم چلائی ہے۔

مختصراً پاکستان کا غزہ تنازع پر موقف اور کردار ایک مستقل اور واضح پالیسی کی عکاسی کرتا ہے، جو نہ صرف سفارتی بلکہ عوامی سطح پر بھی فلسطینی عوام کی مکمل حمایت پر مبنی ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ ایک منصفانہ اور پرامن حل کی وکالت کی ہے اور اس کیلیے عالمی برادری پر دباؤ ڈالنے میں اپنا کردار ادا کرتا رہا ہے۔

بجلی کے پروٹیکٹڈ صارفین کی حد 200 سے بڑھا کر 300 کرنے پر غور

بجلی کے صارفین کیلئے یہ ایک اچھی خبر ہے کہ وزیراعظم نے عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے بجلی کے پروٹیکٹڈ صارفین کی حد 200 سے بڑھا کر 300 یونٹ کرنے کی تجویز اسلام آباد میں ایک اعلی سطحی اجلاس میں دی۔ اس سلسلہ میں اعلیٰ سطحی کمیٹی نیپرا سلیب ریٹ میں تبدیلی کے حوالے سے جائزہ لے گی۔ اس طرح کم از کم بجلی صارفین کو ریلیف ملنے کی امید ہے جو 201 یونٹ ہونے پر اضافی ریٹ ادا کرتے تھے جبکہ پروٹیکٹڈ صارفین کو اس کیٹگری سے نکلنے کے بعد پانچ ہزار روپے چھ ماہ تک اضافی دینا پڑتے تھے۔ یہ اضافی بوجھ صارف کیلئے ناقابل برداشت ہے۔ یہ سراسر عوام کے ساتھ زیادتی اور انکی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے۔ اب وزیراعظم کی تجویز پر دیکھنا یہ ہے کہ نیپرا سلیب ریٹ کے حوالے سے قائم کمیٹی کیا فیصلہ کرتی ہے جبکہ عوام سے اس مد میں جو اضافی رقم اب تک وصول کی گئی ہے' اس کی واپسی کی بھی کوئی راہ نکالنا ہوگی تاکہ انہیں بھی ریلیف کا احساس ہو۔ دوسری طرف مہنگائی میں پھر اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے' خاص طور پر کچن آئٹم اور موسم کے حساب سے اشیاء ضروریہ میں منافع خور مافیا جس من مانی سے اضافہ کر دیتا ہے' اس سے چینی' آٹا' چاول اور روزمرہ کی استعمال میں آنے والی اشیاء لہسن' پیاز' ٹماٹر کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ چینی کہیں بھی حکومتی ریٹ پر دستیاب نہیں۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ مارکیٹ میں سرکاری ریٹ لسٹ پر کچھ بھی دستیاب نہیں۔ کچھ آئٹمز کی مہنگائی سے براہ راست عوام متاثر ہوتے ہیں اس لئے حکومت کم از کم اپنے مقررہ ریٹ پر انکی فراہمی یقینی بنائے تاکہ سبزیاں' پھل و دیگر اشیائے خورد و نوش عوام کی پہنچ سے دور نہ ہوں۔

شوبز SHOWBIZ

پاپ سنگر حدیقہ کیانی کی 51ویں سالگرہ 11 اگست کو منائی گئی

حدیقہ کیانی کو حکومت پاکستان کی جانب سے تمغہ امتیاز سے بھی نوازا جا چکا ہے

ٹھٹہ صادق آباد (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ پاکستانی پاپ سنگر حدیقہ کیانی کی 51ویں سالگرہ گیارہ اگست کو منائی گئی اس سلسلے میں ان کے مداحوں کی جانب سے سالگرہ تقاریب منعقد ہوئی اور ان کی درازی عمر کیلئے دعائیں مانگی گئی' حدیقہ کیانی اردو، پشتو اور پنجابی کی معروف گلوکارہ ہیں وہ گیارہ اگست 1974ء کو راولپنڈی میں پیدا ہوئیں۔ بطور گلوکارہ حدیقہ کیانی کا پہلا البم 1995ء میں ریلیز ہوا ۔ حدیقہ کیانی کو حکومت پاکستان کی جانب سے تمغہ امتیاز سے بھی نوازا جا چکا ہے۔

نادیہ خان کا صائمہ اور سجل علی کی میں منٹو نہیں ہوں کی اداکاری پر طنز

نادیہ خان نے کرداروں کے کمزور ڈائیلاگ پر لکھاری خلیل الرحمٰن قمر کو بھی آڑے ہاتھوں لیا

لاہور (این این آئی) اداکارہ، ٹی وی میزبان اور ڈراما مبصر نادیہ خان نے میں منٹو نہیں ہوں ڈرامے میں صائمہ نور اور سجل علی کی ڈائلاگ ڈیلیوری پر طنز کرتے ہوئے کہا ہے کہ لکھاری کو اس طرح ڈائلاگز نہیں لکھنے چاہیے تھے۔ میں منٹو نہیں ہوں کو گزشتہ چند ہفتوں سے اے آر وائے پر نشر کیا جا رہا ہے اور شائقین کی جانب سے ڈرامے کی کہانی اور کرداروں کو خوب پسند کیا جا رہا ہے۔ ڈرامے میں سجل علی نے صائمہ نور کی بھتیجی کا کردار ادا کیا ہے جب کہ ہمایوں سعید اور صنم سعید نے یونیورسٹی اساتذہ کا کردار ادا کیا ہے۔ ڈرامے میں جہاں استاد اور شاگرد کے درمیان رومانوی جملوں پر بحث کی وجہ سے اس پر تنقید کی گئی تھی، وہیں اس میں صائمہ نور اور سجل علی کی پھوپھو اور بھتیجی کی جوڑی کی تعریفیں بھی کی گئی تھیں۔ تاہم اب نادیہ خان نے دونوں کے کرداروں پر طنز کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں کردار کمزور ڈائلاگ بولتے دکھائی دیتے ہیں۔ نادیہ خان نے سجل علی اور صائمہ نور کے کرداروں پر طنز کرتے ہوئے مخصوص انداز میں کہا کہ سجل علی اپنی پھوپھو کو کہتی ہیں کہ ابو نہیں مانیں گے تو صائمہ انہیں کہتی ہیں کہ تو منالو نادیہ نے سجل علی اور صائمہ نور کے کرداروں کے کمزور ڈائلاگ پر لکھاری خلیل الرحمٰن قمر کو بھی آڑے ہاتھوں لیا، تاہم انہوں نے انکا نام نہیں لیا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ صائمہ کے کردار کو اس طرح کمزور ڈائلاگ نہیں بولنے چاہیے تھے، وہ دلائل کے ساتھ بات کرتیں۔ نادیہ خان کی جانب سے صائمہ نور اور سجل علی کے کرداروں کا مذاق اڑائے جانے پر سوشل میڈیا صارفین نے بھی انہیں آڑے ہاتھوں لیا اور لکھا کہ وہ ہر وقت دوسروں کا مذاق اڑاتی رہتی ہیں،

گلوکارہ آئمہ بیگ نے خاموشی سے نکاح کر لیا

اس سے قبل گلوکارہ آئمہ بیگ اداکار شہباز شگری کی منگیتر تھیں

ٹورنٹو (این این آئی) معروف پاکستانی گلوکارہ آئمہ بیگ اپنے قریبی دوست زین احمد کیساتھ رشتہ ازدواج میں بندھ گئیں۔ نجی ویب سائٹ کا دعوی ہے کہ گلوکارہ آئمہ بیگ اپنے قریبی دوست زین احمد کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئی ہیں۔ آئمہ اور زین کو مختلف مواقع پر ایک ساتھ دیکھا گیا تھا اور انہوں نے کچھ عرصہ قبل اپنے تعلق کا انسٹاگرام پر بھی باضابطہ طور پر اظہار کیا تھا۔ ذرائع کے مطابق آئمہ بیگ اور زین احمد نے کینیڈا میں ایک سادہ اور نجی تقریب میں نکاح کیا۔ اس تقریب کی ایک تصویر سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہے جس سے ان کے نکاح کی خبر کی تصدیق ہوگئی ہے۔ یہ جوڑا اب باقاعدہ طور پر شادی شدہ ہے اور ایک نئے سفر کا آغاز کر چکا ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل گلوکارہ آئمہ بیگ اداکار شہباز شگری کی منگیتر تھیں۔

پسندیدہ کردار کیلئے مجھے نامناسب پیشکش کی گئی، ژالے سرحدی

جس ڈائریکٹر کی جانب سے نامناسب پیشکش کی گئی تھی وہ آج بھی انڈسٹری میں موجود ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی اداکارہ ژالے سرحدی نے کیریئر کے ابتدائی دنوں میں کاسٹنگ کاؤچ سے متعلق اہم انکشاف کر دیا۔ پاکستانی اداکارہ نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کی جہاں انہوں نے شوبز انڈسٹری کے حوالے سے کھل کر بات کی۔ میزبان نے اداکارہ سے سوال کیا کہ کیا انہیں انڈسٹری میں کبھی کاسٹنگ کاؤچ جیسی صورت حال کا سامنا کرنا پڑا؟ میزبان کے سوال پر اداکارہ نے جواب دیا کہ شوبز میں کاسٹنگ کاؤچ حقیقت میں موجود ہے۔ اور انکشاف کیا کہ انہوں نے بھی کیریئر کے آغاز میں اس کا سامنا کیا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ ایک پروجیکٹ کے لیے انہیں نامناسب پیشکش کی گئی تھی، انہوں نے بتایا کہ اگرچہ پیشکش اتنی جارحانہ نہیں تھی مگر پیشکش ضرور ہوئی تھی اور یہ پیشکش جس ڈائریکٹر کی جانب سے کی گئی وہ آج بھی انڈسٹری میں موجود ہیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ ہدایتکار نے پیشکش سے قبل انہیں ایک پروجیکٹ کے لیے یہ کہہ کر مسترد کیا تھا کہ وہ بہت لمبی ہیں لیکن بعد میں اسی ہدایتکار نے انہیں اپنا پسندیدہ کردار نبھانے کے لیے ایک نامناسب پیشکش کی۔ اداکارہ نے بتایا کہ وہ شوبز میں صرف اپنی پڑھائی کو فنڈ کرنے کے لیے کام کر رہی ہیں اور وہ کاسٹنگ کاؤچ پر کئی لوگوں کو شٹ اپ کال دے چکی ہیں۔

12 سال پرانی فلم کا آخری سین AI سے تبدیل کر کے دوبارہ ریلیز؛ ہیرو کا احتجاج

ممبئی (این این آئی) ساؤتھ انڈین فلم رانجھنا کا آخری سین 12 سال بعد AI کی مدد سے دوبارہ بنایا گیا اور ریلیز بھی کر دیا گیا تاہم فلم کے ہیرو دھنوش کو یہ بات بالکل پسند نہ آئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 2013 میں ریلیز ہونے والی فلم رانجھنا کے اس سال دوبارہ ریلیز ہونے پر تنازع کھڑا ہو گیا۔ آنند ایل رائے کی ہدایتکاری میں بننے والی اس فلم کے مرکزی اداکار دھنوش نے شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ دھنوش نے سوشل میڈیا پر کہا کہ اس تبدیلی نے فلم کی اصل روح چھین لی۔ یہ وہ فلم نہیں ہے جس سے میں 12 سال پہلے جڑا تھا۔ AI کے ذریعے اختتام تبدیل کرنا فن اور فنکاروں کے لیے خطرناک مثال ہے۔ اداکار دھنوش نے آخری سین کی 12 سال بعد تبدیلی اور دوبارہ ریلیز کرنے کے عمل کو سینما کی میراث کے لیے خطرہ قرار دیا اور مطالبہ کیا کہ ایسے تبدیلیوں کے خلاف سخت قوانین بنائے جائیں۔ فلم کے ڈائریکٹر آنند ایل رائے نے بھی غصے اور حیرانی کا اظہار کرتے ہوئے اس اقدام کو غیر ذمہ دارانہ اور خوفناک قرار دیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ مجھے یا فلم کی کسی بھی تخلیقی ٹیم کو اس AI ترمیم سے متعلق نہ کوئی مشورہ کیا گیا نہ ہی اطلاع دی گئی جو ایک غیر اخلاقی اقدام ہے۔

علیحدگی کا اعلان، صارفین کی تنقید، حنا رضوی غصے سے پھٹ پڑیں

مجھے کسی قسم کی سستی شہرت حاصل کرنے کا کوئی شوق نہیں ہے نہ کبھی ایسا شوق رہا



کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی لیجنڈری اداکارہ اور ہدایت کار سنگیتا کی چھوٹی بہن و اداکارہ حنا رضوی نے علیحدگی کے اعلان کے بعد سوشل میڈیا پر ہونے والی تنقید پر ناقدین کو کرارا جواب دے دیا۔ گزشتہ برس اپریل میں شادی کرنے والی اداکارہ نے گزشتہ روز بذریعہ سوشل میڈیا اپنی علیحدگی کا اعلان کیا تھا، جس کے بعد انہیں سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے شدید تنقید کا سامنا ہے۔ بعض صارفین کے مطابق مذکورہ جوڑی صرف توجہ حاصل کرنے کے لیے ایسا کر رہی ہے اور کچھ دنوں کے بعد پھر ایک ساتھ ہوگی۔

درفشاں سلیم نے بلال عباس سے نکاح کی خبروں پر پہلی بار خاموشی توڑ دی

کراچی (این این آئی) پاکستان کی مایہ ناز اداکارہ درفشاں سلیم نے ساتھی فنکار بلال عباس کے ہمراہ تعلقات اور نکاح سے متعلق افواہوں پر پہلی بار لب کشائی کی ہے۔ درفشاں نے حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران اس معاملے پر اظہار خیال کیا اور ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ آپ کو اپنے ساتھی فنکار کے ساتھ آسودہ ہونا ضروری ہے، بالخصوص جب آپ رومانوی ڈرامہ کر رہے ہوں تو یہ ضروری ہے کہ آپ دونوں ایک ساتھ اچھا محسوس کریں۔

سپورٹس SPORTS

محمد عباس نے فرسٹ کلاس کرکٹ میں تاریخ رقم کر دی

محمد عباس 800 فرسٹ کلاس وکٹیں حاصل کرنے والے پانچویں پاکستانی فاسٹ بولر بن گئے

لندن (این این آئی) پاکستان کے فاسٹ بولر محمد عباس نے فرسٹ کلاس کرکٹ میں تاریخ رقم کر دی۔ محمد عباس 800 فرسٹ کلاس وکٹیں حاصل کرنے والے پانچویں پاکستانی فاسٹ بولر بن گئے اور اپنا نام ریکارڈ بک میں درج کرا لیا۔ انہوں نے سمرسیٹ کے خلاف کاؤنٹی چیمپئن شپ ڈویژن ون میچ میں ناٹنگھم شائر کی نمائندگی کرتے ہوئے کارنامہ انجام دیا۔ 35 سالہ فاسٹ بولر نے چار روزہ میچ کی پہلی اننگز میں تین وکٹیں حاصل کیں، سمرسیٹ کے ٹاپ آرڈر بیٹر کو آؤٹ کیا۔ فرسٹ کلاس کرکٹ میں 800 وکٹوں کا ہندسہ عبور کرنے والے فاسٹ بولرز عمران خان، وسیم اکرم، سرفراز نواز اور وقار یونس شامل ہیں۔ عمران خان نے 382 میچوں میں 1284 وکٹیں حاصل کیں، وسیم اکرم نے 257 میچوں میں 1042، سرفراز نواز نے 299 میچوں میں 956 وکٹیں حاصل کی ہیں۔ وقار یونس نے 228 میچوں کا سہارا لے کر 800 وکٹیں لینے کا سنگ میل عبور کیا۔

شاہین آفریدی نے ویسٹ انڈیز کے خلاف عالمی ریکارڈ بنا دیا

65 ون ڈے میچز میں 131 وکٹیں حاصل کرنے والے دنیا کے پہلے بولر بن گئے

ٹرینیڈاڈ (این این آئی) پاکستان کے فاسٹ بولر شاہین آفریدی نے ون ڈے کرکٹ میں عالمی ریکارڈ بنا دیا۔ ویسٹ انڈیز کے برائن لارا اسٹیڈیم میں کھیلے گئے پہلے ون ڈے میچ میں پاکستان نے ویسٹ انڈیز کو پانچ وکٹوں سے شکست دی، ویسٹ انڈیز کی جانب سے دیا جانے والا 281 رنز کا ہدف گرین شرٹس نے 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ حسن نواز کو ڈیبیو پر شاندار 63 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلنے پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ کپتان محمد رضوان نے 53، بابر اعظم نے 47 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، حسین طلعت نے 41 اور سلمان آغا نے 23 رنز بنائے۔ تاہم شاہین آفریدی نے میچ میں چار وکٹیں حاصل کیں جس کے بعد وہ 65 ون ڈے میچز میں 131 وکٹیں حاصل کرنے والے دنیا کے پہلے بولر بن گئے ہیں۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ افغانستان کے اسپنر راشد خان کے پاس تھا جنہوں نے 65 میچوں میں 128 وکٹیں حاصل کی تھیں۔

لاہور: سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے جمنیزیم ہال میں پہلی نیشنل یوتھ گیمز اسلام آباد کیلئے پنجاب کی بیڈمنٹن ٹیم کے ٹرائلز لئے جا رہے ہیں۔ (فوٹو: این این آئی)

تیاریاں مکمل، شارجہ میں پہلی عالمی بیڈمنٹن چیمپئن شپ آج شروع ہوگی

شارجہ (این این آئی) شارجہ کے نائب حکمران اور ایگزیکٹو کونسل کے نائب چیئرمین شیخ عبداللہ بن سالم بن سلطان القاسمی کی سرپرستی میں متحدہ عرب امارات میں پہلی مرتبہ عالمی بیڈمنٹن چیمپئن شپ کے انعقاد کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں اور پہلی عالمی بیڈمنٹن چیمپئن شپ آج شروع ہو کر 14 دسمبر 2025 تک شارجہ کے ساحلی شہر خورفکان میں منعقد ہوگی۔ اس سلسلے میں شارجہ سپورٹس کونسل میں آرگنائزنگ کمیٹی کا پہلا اجلاس منعقد کیا گیا جس میں ٹورنامنٹ سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بین الاقوامی بیڈمنٹن فیڈریشن کی جانب سے اعلان کیا گیا ہے کہ یہ چیمپئن شپ، جو کہ پہلی عالمی بیڈمنٹن آؤٹ ڈور چیمپئن شپ شارجہ میں منعقد کی جا رہی ہے۔ اس ایونٹ کی میزبانی یو اے ای بیڈمنٹن فیڈریشن کرے گی جبکہ اس کا انتظام شارجہ سپورٹس کونسل کے تعاون سے انجام دیا جائے گا۔ اجلاس کی صدارت آرگنائزنگ کمیٹی کے چیئرمین عبدالملک محمد جانی نے کی جبکہ نوراحسن الجزیری بطور نائب چیئرپرسن اور دیگر ذیلی کمیٹیوں کے سربراہان بھی موجود تھے۔

گریٹر مانچسٹر پولیس نے حیدر علی کے کیس سے متعلق تفصیلات جاری کر دیں

مانچسٹر (این این آئی) گریٹر مانچسٹر پولیس نے کرکٹر حیدر علی سے متعلق تفصیلات جاری کر دیں۔ مانچسٹر پولیس کے مطابق 4 اگست کو جنسی زیادتی کی شکایت موصول ہوئی اور زیادتی کا واقعہ مبینہ طور پر 23 جولائی کو مانچسٹر کی حدود میں پیش آیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کے الزام میں 24 سال کے نوجوان کو گرفتار کیا گیا اور واقعے کی تحقیقات مکمل ہونے تک ملزم کو ضمانت پر رہا کیا گیا۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز خبر سامنے آئی کہ خاتون سے مبینہ زیادتی کے الزام میں پاکستانی کرکٹر حیدر علی کی مانچسٹر میں گرفتاری کے بعد ضمانت پر رہا کیا گیا۔ انگلینڈ پولیس نے قومی کرکٹر حیدر علی کو 2 ہفتے بعد دوبارہ طلب کر لیا ہے اور اس دوران ان پر برطانیہ چھوڑنے پر پابندی ہے۔ یہ واقعہ پاکستان شاہینز کرکٹ ٹیم کے حالیہ دورہ انگلینڈ کے دوران پیش آیا۔ دوسری جانب پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے کرکٹر حیدر علی کو معطل کر دیا ہے۔

لاہور: سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے جمنیزیم ہال میں پہلی نیشنل یوتھ گیمز اسلام آباد کیلئے پنجاب کی بیڈمنٹن ٹیم کے ٹرائلز لئے جا رہے ہیں۔ (فوٹو: این این آئی)

دنیا بھر میں تھرو بال کا عالمی دن 17 اگست کو منایا جائے گا

اس دن ملک بھر میں تھرو بال کے نمائشی مقابلے منعقد کروائے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) دنیا بھر میں تھرو بال کا عالمی دن 17 اگست کو منایا جائے گا۔ گزشتہ روز ورلڈ تھرو بال فیڈریشن کے صدر اور پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل مقبول آرائیں نے بتایا کہ دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی تھرو بال کا عالمی دن 17 اگست کو منایا جائیگا جس کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں اور اس دن ملک بھر میں تھرو بال کے نمائشی مقابلے منعقد کروائے جائیں گے۔ اس سلسلہ میں فیڈریشن سے منسلک تمام متعلقہ اداروں، صوبائی اور ریجنل ایسوسی ایشنز کو ہدایات جاری کر دی گئیں۔ نمائشی مقابلے اسلام آباد، کراچی، لاہور، کوئٹہ، پشاور، مظفر آباد، گلگت سمیت ملک کے دوسرے شہروں میں بھی منعقد کروائے جائیں گے۔ مقابلوں کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنیوالے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

پاکستان فٹبال فیڈریشن کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کا ایجنڈا فائنل

فرنچائز لیگ، نئے اکاؤنٹس کا کھولنا اور جنرل سیکرٹری کی تقرری بھی شامل

لاہور (این این آئی) پاکستان فٹبال فیڈریشن کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کا ایجنڈا فائنل کر لیا گیا۔ پی ایف ایف نے پندرہ نکاتی ایجنڈہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین کو بھیج دیا، جس میں فرنچائز لیگ، نئے اکاؤنٹس کا کھولنا اور جنرل سیکرٹری کی تقرری بھی شامل ہے۔ ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس میں صدر محسن گیلانی اراکین کو فیفا اور اے ایف سی سے ملاقات پر بریفنگ دیں گے، آذربائیجان اور چین کی فٹبال ایسوسی ایشن کے ساتھ معاہدوں پر بھی اراکین کو بریف کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان فٹبال فیڈریشن کے نئے لوگو کا ڈیزائن بھی اجلاس میں زیر غور آئے گا، ایجنڈے میں فرنچائز لیگ، پریمیئر لیگ اور چیلنج کپ کے آغاز پر بات بھی شامل ہے، پاکستان فٹبال فیڈریشن کے نئے بینک اکاؤنٹس کھولنے کی منظوری بھی ایجنڈے میں شامل ہے۔

رونالڈو نے 8 سال ڈیٹنگ کے بعد جورجینا سے منگنی کر لی

رونالڈو نے اپنی گرل فرینڈ جورجینا روڈریگز کو انگوٹھی پہنا کر شادی کی پیشکش کر دی

لزبن (این این آئی) پرتگالی اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے 8 سال تک ڈیٹنگ کے بعد اپنی گرل فرینڈ جارجینا روڈریگز سے منگنی کر لی ہے۔ 40 سالہ رونالڈو نے اپنی جارجینا محبوبہ کو ایک قیمتی ہیرے کی انگوٹھی پہنائی اور شادی کی پیشکش کی ہے، جس کو جورجینا نے قبول کر لیا۔ جارجینا نے اپنی انسٹاگرام پوسٹ میں انگوٹھی کی تصویر شیئر کی، جس میں ان کا ہاتھ رونالڈو کے ہاتھ پر رکھا ہوا تھا اور انہوں نے بڑے سائز کے ہیرے کی انگوٹھی پہن رکھی تھی۔ پوسٹ کے کیپشن میں جارجینا نے کہا، "میں نے ہاں کہہ دیا، اس زندگی اور تمام زندگیوں کیلئے۔" یاد رہے کہ اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو اور جارجینا کی محبت کی داستان 8 برس قبل شروع ہوئی تھی جب وہ میڈرڈ میں ایک فیشن برانڈ کے آؤٹ لیٹ پر ملازمہ تھیں اس ملاقات کے بعد دونوں کو 2017 میں پہلی مرتبہ ایک ساتھ دیکھا گیا تھا۔ خیال رہے کہ رونالڈو اور جارجینا کے پانچ بچے ہیں۔

رضوان اور بابر اسٹرائیک ریٹ میں سب سے پیچھے رہ گئے

یکم جنوری 2024 سے اب تک ایک روزہ کرکٹ میں دونوں کا اسٹرائیک ریٹ سب سے کم ہے

کراچی (این این آئی) پاکستانی سینئر بیٹرز محمد رضوان اور بابر اعظم اسٹرائیک ریٹ میں تمام آئی سی سی فل ممبر ممالک کے کرکٹرز سے پیچھے رہ گئے۔ یکم جنوری 2024 سے اب تک ایک روزہ کرکٹ میں دونوں کا اسٹرائیک ریٹ سب سے کم ہے، اس عرصے میں رضوان کا اسٹرائیک ریٹ 75.02 رہا جبکہ بابر 78.88 کے اسٹرائیک ریٹ سے رنز اسکور کیے۔ دوسری جانب سابق پاکستانی کپتان بابر اعظم کی خراب فارم کا سلسلہ ختم ہونے کے بجائے طول ہی پکڑتا جا رہا ہے، بابر اعظم کو ون ڈے میں سنچری بنائے 712 دن بیت گئے۔ ایشیا کپ 2023 میں نیپال کیخلاف اننگز کے بعد پھر سے پاکستانی اسٹار اب تک کمال نہیں دکھا پائے، ون ڈے کرکٹ میں 2 برس کے دوران 8 رنز سے آگے نہیں بڑھے، ٹیسٹ اور ٹی 20 میں بھی تیزی سے بڑھتے ہوئے قدم بوجھل ہو چکے ہیں۔ ویسٹ انڈیز کے خلاف دوسرے ون ڈے میں وہ صفر پر آؤٹ ہوئے۔

پنجاب حکومت کا مہراب محفوظ روشن پنجاب منصوبے کا آغاز

انسداد دہشتگردی فورس کو ہتھیار اور ہائی ٹیک آلات فراہم کیے جائینگے، فورس کو خصوصی کمانڈو اور انٹیلی جنس ٹریننگ دی جائیگی

حساس علاقوں کی نگرانی کیلئے جدید ڈرون سسٹم اور سرویلنس ٹیکنالوجی استعمال کی جائے گی، 9.1 ارب روپے کی منظوری دیدی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے مہراب محفوظ روشن پنجاب منصوبہ شروع کر دیا ہے جس کا مقصد عوامی مقامات اور عبادت گاہوں میں روشنی کے موثر انتظامات کے ذریعے سیکورٹی اور سہولیات کو بہتر بنانا ہے۔ منصوبے میں انسداد دہشتگردی فورس کو ہتھیار اور ہائی ٹیک آلات فراہم کیے جائینگے، فورس کو خصوصی کمانڈو اور انٹیلی جنس ٹریننگ دی جائے گی، حساس علاقوں کی نگرانی کیلئے جدید ڈرون سسٹم اور سرویلنس ٹیکنالوجی استعمال کی جائے گی۔ منصوبے کے تحت فورس کی ریسپانس ٹائم کم اور آپریشنز کی کامیابی (بقیہ نمبر 31)

محکمہ صحت میں ایئر کنڈیشنرز کی خریداری میں سنگین بے قاعدگیوں کا انکشاف

پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ نے ٹینڈر میں شرائط رکھ کر صرف ایک فرم کو فائدہ پہنچایا

لاہور (این این آئی) محکمہ صحت میں ایئر کنڈیشنرز کی خریداری میں سنگین بے قاعدگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ نجی ٹی وی نے آڈٹ رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ 1400 ایئر کنڈیشنرز کی خریداری میں بے قاعدگیوں کی نشاندہی کی گئی، پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ نے ٹینڈر میں شرائط رکھ کر ایک فرم کو فائدہ پہنچایا، محکمہ صحت (بقیہ نمبر 32)

لاہور: شہری موسلا دھار بارش میں منزل کی جانب گامزن ہیں

گینگ ریپ میں ملوث 2 ملزم مبینہ مقابلے میں ہلاک، سب انسپکٹر شدید زخمی

لاہور (این این آئی) لاہور میں کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ سے فائرنگ کے مبینہ تبادلے کے دوران 13 سالہ بچی کا اغواء اور گینگ ریپ کرنے والے 2 ملزمان ہلاک ہوگئے جبکہ انسپکٹر شدید زخمی ہوگیا۔ سی سی ڈی کے مطابق ملزمان نے 2 روز قبل مانگا منڈی سے لیڈی ڈاکٹر کی 13 سالہ بیٹی کو اغواء کر کے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا تھا، سی سی ڈی (بقیہ نمبر 33)

یوم آزادی اور معرکہ حق کی تقریبات کیلئے مارگلہ ٹریلز بند کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) یوم آزادی اور معرکہ حق کی تقریبات کے باعث مارگلہ ٹریلز بند کرنے کا فیصلہ [illegible] (بقیہ نمبر 34)

باراتیوں کی گاڑی کھائی میں گرنے سے 4 افراد جاں بحق، 9 زخمی

مظفر آباد (این این آئی) [illegible] (بقیہ نمبر 37)

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری

سنگین جرائم میں ملوث 13 اشتہاری مجرمان سمیت 47 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن کے دوران سنگین جرائم میں ملوث 13 اشتہاری مجرمان سمیت 47 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر لیے گئے، گرفتار ملزمان کے قبضے سے منشیات اور اسلحہ برآمد، مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق اسپیکر (بقیہ نمبر 35)

سکولوں کی آؤٹ سورسنگ کے تیسرے مرحلے کے آغاز کا اعلان

جن سکولوں میں بچوں کی تعداد 100 سے کم ہوگی انہیں آؤٹ سورس کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سکولوں کی آؤٹ سورسنگ کے تیسرے مرحلے کے آغاز کا اعلان کر دیا، جن سکولوں میں بچوں کی تعداد 100 سے کم ہوگی انہیں آؤٹ سورس کیا جائے گا (بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد: بلوچستان کے قلعہ سیف اللہ سے تعلق رکھنے والے طالب علم اکرام اللہ، جو 2022 کے سیلاب سے متاثر ہوئے تھے اور جنہیں وزیراعظم نے لارنس کالج مری میں تعلیمی سہولیات فراہم کی تھیں، نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی

مالی بے ضابطگی میں ملوث افسران پر پیڈا ایکٹ لگانے کا فیصلہ

ایک آڈٹ پیرے پر ایک گھنٹہ لگا سکتے ہیں نہ کاغذوں کے پلندے اٹھائے پھر سکتے ہیں، چیئرمین پی اے سی تھری

ایک ہی نوعیت کی مالی بے ضابطگی کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں زیر بحث لانے کی بجائے سرکاری افسران کے خلاف فوری کارروائی ہوگی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری احمد اقبال نے سرکاری افسران کے احتساب کے لئے بڑا اعلان کیا ہے، ایک ہی نوعیت کی دوبارہ مالی بے ضابطگی میں ملوث افسران پر پیڈا ایکٹ لگانے کا فیصلہ کر لیا گیا جبکہ ایک ہی نوعیت کی مالی بے ضابطگی کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں زیر بحث لانے کی بجائے سرکاری افسران کے خلاف فوری کارروائی ہوگی۔ چیئرمین پی اے (بقیہ نمبر 38)

کراچی: سولجر بازار میں فائرنگ کا واقعہ، ایڈووکیٹ جاں بحق

ماڑی پور میں ڈکیتی مزاحمت پر زخمی ہونے والا شخص اسپتال میں دم توڑ گیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سولجر بازار میں فائرنگ کے ایک افسوسناک واقعے میں وکیل ایڈووکیٹ ملک ناصر جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ایڈووکیٹ ہائی کورٹ ناصر ملک پر پارکنگ ایریا میں فائرنگ کی گئی، وکیل کو ملزمان نے ٹارگٹ کر کے قتل کیا، جائے وقوعہ سے گولیوں کے کئی خول ملے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق مقتول ناصر ملک کا کسی سے تنازع چل رہا تھا، اہل خانہ ملزمان کے نام بھی جانتے ہیں، مقتول کی (بقیہ نمبر 39)

پولیس کی اجازت کے بغیر جائے وقوعہ سے لاش اٹھانا ممنوعہ قرار

لاش کی منتقلی سے کرائم سین خراب ہوجاتا ہے اور تحقیقات میں رکاوٹ آتی ہے، سی پی او آفس

کراچی (این این آئی) سی پی او آفس نے تمام پولیس افسران کو ہدایت دی ہے کہ اب پولیس کی اجازت کے بغیر جائے وقوعہ سے کوئی لاش نہیں اٹھائی جائے گی۔ سندھ پولیس کے تمام اداروں کو احکامات جاری کیے گئے ہیں کہ اب کوئی بھی فلاحی ادارہ جائے حادثہ یا جائے وقوعہ سے پولیس کی اجازت کے بغیر لاش نہیں اٹھائے گا۔ سی پی او آفس کی جانب سے کرائم سین سے لاش پولیس اجازت کے بغیر منتقل نہ کرنے کے احکامات جاری کردیے گئے ہیں۔

بلوچستان میں پولیس اہلکار قتل، جھڑپ میں 3 حملہ آور بھی ہلاک

تہران (این این آئی) ایران کے شورش زدہ جنوب مشرقی صوبے سیستان-بلوچستان میں انتہا پسندوں نے ایک پولیس اہلکار کو قتل کر دیا، جھڑپ میں 3 حملہ آور بھی ہلاک ہو گئے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق دہشتگردوں نے پولیس اسٹیشن میں داخلے کی کوشش کی، اس دوران سرون کے ایک پولیس اہلکار کو قتل کر دیا گیا، جوابی کارروائی میں 3 دہشت گرد مارے گئے اور 2 کو گرفتار کر لیا گیا۔ حملہ آور عسکریت پسند گروپ جیش العدل کے ارکان تھے، جو ایران (بقیہ نمبر 40)

غزہ میں غذائی قلت سے اموات 200 سے زیادہ ہوگئیں

غزہ (این این آئی) غزہ میں بھوک کی شدت سے مزید 11 فلسطینی انتقال کر گئے، غذائی قلت سے اموات 200 سے زیادہ ہو گئیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی حملوں میں مزید 30 فلسطینی شہید ہو گئے۔ دوسری جانب اسرائیلی ٹینک غزہ کے بارڈرز پر پہنچنا شروع ہو گئے ہیں جبکہ فلسطینیوں نے غزہ چھوڑنے سے انکار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہیں مریں گے، کہیں نہیں جائیں گے۔

رکشہ اور موٹر سائیکلز بنانے والی کمپنیوں کے تصدیقی سرٹیفکیٹس مشکوک

آڈیٹر جنرل کی 2024-25 کی رپورٹ میں آٹو سیکٹر میں کئی بے ضابطگیاں بھی بے نقاب

کراچی (این این آئی) آڈیٹر جنرل کی 2024-25 کی رپورٹ میں انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کی جانب سے کار مینوفیکچرز کو نوازے جانے کا انکشاف ہوا ہے جبکہ آٹو سیکٹر میں کئی بے ضابطگیاں بھی بے نقاب ہوگئیں، رکشہ اور موٹر سائیکلز بنانے والی کمپنیوں کے تصدیقی سرٹیفکیٹ بھی مشکوک نکلے۔ انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کی (بقیہ نمبر 41)

مینیجنگ ڈائریکٹر واسا سہیل قادر چیمہ کی ہدایت پر واسا افسران اور مسیحی ملازمین مینارٹی ڈے کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں۔

عوام کو غیر معیاری گوشت بیچنے والوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعلی پنجاب مریم نواز کے ویژن کے تحت سیکرٹری لائیوسٹاک احمد عزیز تارڑ کی ہدایات پر پنجاب بھر کی طرح ڈویژن فیصل آباد میں بھی محکمہ پنجاب فوڈ اتھارٹی (PFA) اور محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ (L&DD) ڈیپارٹمنٹ فیصل آباد کی جانب سے عوام کو غیر معیاری گوشت بیچنے والوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ ان کارروائیوں میں غیر معیاری گوشت اور ملاوٹ شدہ دودھ کے غیر قانونی استعمال میں ملوث عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ محکمہ لائیوسٹاک اور PFA کی مشترکہ ٹیمیں قانون کے مطابق کارروائیاں عمل میں لا رہی ہیں۔ اس ضمن میں محکمہ لائیوسٹاک کے ڈویژن بھر کے اعلی افسران کی جانب سے ان کے متعلقہ اضلاع میں PFA کے ساتھ غیر قانونی ذبح، ناقص گوشت کی فروخت، کم عمر جانوروں کا ذبح، پیداواری مادہ جانوروں کا ذبح اور ملاوٹ شدہ دودھ کے خلاف مروجہ قوانین و ضوابط کے تحت مشترکہ مہم کا آغاز ہو چکا ہے۔ اسی سلسلے میں ڈویژن فیصل آباد کے تمام اضلاع کی تمام تحصیلوں میں اعلی افسران کی سربراہی میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ساتھ مشترکہ ہنگامی چھاپے مارے گئے۔

ایک شخص موٹر سائیکل پر ہیلمٹ فروخت کرنے کے لئے جا رہا ہے

آئی جی اسلام آباد کا یوم آزادی پر موثر ٹریفک انتظامات کا حکم

13 اور 14 اگست کو یوم آزادی تقریبات کے دوران موثر ٹریفک مینجمنٹ کا پلان تیار

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی پولیس سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اجلاس میں 13 اور 14 اگست کو یوم آزادی تقریبات کے دوران موثر ٹریفک مینجمنٹ کا پلان تیار کیا گیا۔ اجلاس میں شہریوں کے لیے متبادل راستوں کی فراہمی، غیر قانونی پارکنگ کا خاتمہ اور عوامی آگاہی مہم میں تیزی لانے کے اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ آئی جی نے ہدایت کی (بقیہ نمبر 42)

ڈکیتی اور راہزنی میں ملوث خطرناک گروہ کے پانچ ارکان گرفتار

قبضہ سے چھینی نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) [illegible] (بقیہ نمبر 43)

لاہور: سیکرٹری پرائس کنٹرول اینڈ کموڈٹیز مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ لاہور کے شہریوں کے لئے سہولت بازار کے قیام کیلئے جگہ کا معائنہ کر رہے ہیں

بھٹائی پریس کلب کی زیر صدارت شہر کی بہتری کے لیے اہم اجلاس

صدر احسان علی ملک اور جنرل سیکرٹری سید رشید احمد شاہ کی قیادت میں ایک اہم میٹنگ منعقد ہوئی

بنیادی ایجنڈا عوامی مسائل میں ساتھ دینا، لاچار لوگوں کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنا تھا

بھٹائی پریس کلب ہمیشہ مظلوموں کا ساتھ دے گا اور شہر کے مسائل اجاگر کیا جائے گا

کشمور (نامہ نگار) کندھ کوٹ: بھٹائی پریس کلب کی زیر صدارت شہر کی بہتری کے لیے اہم اجلاس کندھ کوٹ بھٹائی پریس کلب کے صدر احسان علی ملک اور جنرل سیکرٹری سید رشید احمد شاہ کی قیادت میں ایک اہم میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں کلب کے صحافی دوستوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی ایجنڈا شہر کی بھلائی، عوامی مسائل میں ساتھ دینا اور غریب، لاچار لوگوں کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنا تھا۔ اجلاس میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ بھٹائی پریس کلب ہمیشہ مظلوموں کا ساتھ دے گا اور شہر کے مسائل اجاگر کیا جائے گا۔

6 ملزمان گرفتار، 55 لیٹر شراب، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

شراب، ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان گرفتار کر کے 55 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 25 لیٹر شراب برآمد کی، گوجر خان پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 20 لیٹر شراب برآمد کی، تھانہ سٹی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کی، سول لائنز پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا۔

سابق وزیر اعلیٰ پنجاب میاں حمزہ شہباز شریف سے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدالخان ملاقات کر رہے ہیں

معیشت کو دستاویزی شکل دینے کیلئے سخت سیلز ٹیکس قوانین تیار

سیلز ٹیکس رجسٹرڈ افراد کو ٹیکس افسر کو کاروباری احاطے اور ریکارڈ تک رسائی دینا ہوگی

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے آئی ایم ایف کی شرائط کے تحت معیشت کو دستاویزی شکل دینے کے مشن کے تحت سیلز ٹیکس رجسٹرڈ افراد کے لیے سخت قوانین تیار کر لیے ہیں۔ نئے قوانین کے مطابق پوائنٹ آف سیل کو ایف بی آر کے کمپیوٹرائزڈ سسٹم سے منسلک کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے، کاروباری مقامات کی نگرانی کے لیے سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں گے جبکہ بینک کارڈ مشینیں اور آن لائن کاروبار کو بھی ایف بی آر (بقیہ نمبر 44)

قلعہ سیف اللہ سے تعلق رکھنے والے طالب علم اکرام اللہ، وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات مصافحہ کر رہے ہیں

معیشت کو دستاویزی شکل دینے کیلئے سخت سیلز ٹیکس قوانین تیار

سیلز ٹیکس رجسٹرڈ افراد کو ٹیکس افسر کو کاروباری احاطے اور ریکارڈ تک رسائی دینا ہوگی

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے آئی ایم ایف کی شرائط کے تحت معیشت کو دستاویزی شکل دینے کے مشن کے تحت سیلز ٹیکس رجسٹرڈ افراد کے لیے سخت قوانین تیار کر لیے ہیں۔ نئے قوانین کے مطابق پوائنٹ آف سیل کو ایف بی آر کے کمپیوٹرائزڈ سسٹم سے منسلک کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے، کاروباری مقامات کی نگرانی کے لیے سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں گے جبکہ بینک کارڈ مشینیں اور آن لائن کاروبار کو بھی ایف بی آر کے سسٹم سے لنک کرنا ہوگا۔ ایف بی آر کے مطابق الیکٹرانک رسیدوں کا (بقیہ نمبر 45)

دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں ہمارے عزم کو کمزور نہیں کر سکتیں

سکیورٹی کلیئرنس ملنے پر ٹرین آپریشن شروع کیا جائیگا، ریلوے ترجمان

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے تحصیل دشت میں سپیزنٹ کے مقام پر ریلوے ٹریک پر دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں ہمارے عزم کو کمزور نہیں کر سکتیں۔ علاوہ ازیں ریلوے ترجمان اور لیویز حکام کے مطابق مستونگ، تحصیل دشت میں سپیزنٹ کے مقام پر ریلوے ٹریک پر دھماکہ ہوا، دھماکے سے جعفر ایکسپریس کا انجن اور 5 بوگیاں ڈی ریل ہو گئے۔ لیویز حکام کے (بقیہ نمبر 46)

پاکستان کا قومی پرچم بھی اقلیتوں کی اہمیت کی واضح نشاندہی کرتا ہے

اقلیتوں کا قومی دن بانی پاکستانؒ کے ویژن کی یاد دہانی کے طور پر منایا جاتا ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) اقلیتوں کا قومی دن بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کے ویژن کی یاد دہانی کے طور پر منایا جاتا ہے۔ انہوں نے 11 اگست 1947ء کی دستور ساز اسمبلی کی تقریر میں اقلیتوں کے مساوی حقوق کی واضح الفاظ میں ترجمانی کی ہے۔ یہ دن ملک کے تمام شہریوں میں مذہبی رواداری اور ہم آہنگی کے فروغ کا سنہری موقع ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیف ایگزیکٹو آفیسر فیصل آباد ویسٹ مینجمنٹ کمپنی روف احمد نے قومی اقلیتی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کوآرڈینیٹر ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن مینارٹی افیئرز فیصل آباد عمانوئیل غوری و دیگر بھی موجود تھے۔

"آزادی ایک نعمت ہے" کے عنوان سے تقریری مقابلہ 14 اگست کو ہوگا

بسلسلہ جشن آزادی تقریری مقابلہ جات میں علاقہ بھر سے سکولز واکیڈمیز اور مدارس کے طلباء و طالبات کی بھرپور شرکت متوقع

پریس کلب حبیب آباد کی یہ کاوش نسل نو کو پاکستان کی تاریخ اور آزادی کی اہمیت سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کرے گی

حبیب آباد (نامہ نگار نعیم) پریس کلب حبیب آباد کے زیر اہتمام آزادی ایک نعمت ہے کے عنوان سے 14 اگست کو تقریری مقابلہ منعقد ہو گا۔ بسلسلہ جشن آزادی تقریری مقابلہ جات میں علاقہ بھر سے سکولز واکیڈمیز اور مدارس کے طلباء و طالبات کی بھرپور شرکت متوقع۔ پریس کلب حبیب آباد کی یہ کاوش نسل نو کو پاکستان کی تاریخ اور آزادی کی اہمیت سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کرے (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے پولیس افسران الرٹ کھڑے ہیں

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات

پولیس کے 450 سے زائد افسران وجوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات کئے گئے، راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران وجوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد (بقیہ نمبر 49)

بھارتی ایئر چیف کی بھونڈی کوشش نے رہی سہی ساکھ بھی مٹی میں ملادی

3 ماہ کے بعد بھارتی ایئر چیف خواب خرگوش سے جاگ اٹھے، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے بھارتی ایئر چیف کی پاکستانی لڑاکا طیارے تباہ کرنے کے جھوٹے دعوے کو مودی کی شمشان گھاٹ میں جلی اور راکھ ہوئی سیاست کو زندہ کرنے کی ناکام کوشش قرار دیدیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ 3 ماہ کے بعد بھارتی ایئر چیف خواب خرگوش سے جاگ اٹھے، خیال آگیا کہ انہوں نے پاکستانی طیارے تباہ کیے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد ہائیکورٹ، ریٹائرڈ پروفیسر کو پنشن کی رقم 2 ماہ میں ادا کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے فزکس کے ریٹائرڈ پروفیسر کو پنشن کی رقم 2 ماہ میں ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ ہفتے کو جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل بینچ نے کیس پر سماعت کی۔ عدالت نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور بلوچستان یونیورسٹی کو پنشن ادا کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان یونیورسٹی نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں تعیناتی پر اعتراض نہیں کیا۔ عدالت نے فیصلے کی کاپی دونوں جامعات (بقیہ نمبر 48)

22 سالہ خاتون کو شوہر، ساس اور سسر نے ڈنڈے مار کر قتل کر دیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا دو معصوم بچوں کی 22 سالہ ماں کو شوہر، ساس اور سسر نے ڈنڈے مار کر قتل کر دیا۔ پولیس نے مقتولہ کی نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر دی اور مقتولہ کے باپ کی مدعیت میں شوہر ساس اور سسر کے خلاف دوشیزہ کے قتل کا مقدمہ درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق قصبہ شاہ نکڈر کے چک 152 شمالی کے محمد رمضان نے چار سال قبل اپنی 18 سالہ بیٹی صفیہ بی بی کی شادی گاؤں کے نوجوان نذیر (بقیہ نمبر 50)

پارلیمان عوام کی امنگوں کا ترجمان ہے، چیئرمین سینیٹ

آئین وقانون کی بالادستی، جمہوری اقدار کا فروغ، پارلیمانی نظام کا تسلسل پاکستان کی ترقی، استحکام کی بنیاد ہیں، یوسف رضا گیلانی

جب تک آئینی ادارے مضبوط، بااختیار اور فعال نہیں ہوں گے، ملکی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ آئین کی حکمرانی، جمہوریت کا تسلسل اور پارلیمانی نظام کی مضبوطی ہی قومی یکجہتی، پائیدار ترقی اور خوشحال مستقبل کی ضمانت ہیں۔ پاکستان کی دستور ساز اسمبلی کے قیام کی 78ویں سالگرہ کے موقع پر اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ 10 اگست 1947 کو دستور ساز اسمبلی کا پہلا اجلاس محض ایک تاریخی واقعہ نہیں بلکہ بانیانِ پاکستان کی بصیرت، جمہوری سوچ اور عوامی خواہشات کی عملی تعبیر تھا۔ (بقیہ نمبر 52)

کمرشل مارکیٹ مری روڈ انتظامیہ کی جانب سے شہر کو خوبصورت بنانے کیلئے بارہ دری کے ماڈل کی تعمیر جاری ہے

فزیوتھراپی ایک محفوظ، مؤثر اور سائنسی بنیادوں پر قائم علاج ہے، ڈاکٹر انعم ریاض

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فزیوتھراپی کے شعبے کی ماہر ڈاکٹر انعم ریاض نے کہا ہے کہ فزیوتھراپی ایک محفوظ، مؤثر اور سائنسی بنیادوں پر قائم علاج ہے جو نہ صرف مختلف امراض میں آرام پہنچاتا ہے بلکہ مریض کو روزمرہ کی سرگرمیاں بہتر طریقے سے انجام دینے کے قابل بھی بناتا ہے۔ شہریوں میں اس حوالے سے آگاہی پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ لوگ دواؤں پر حد سے زیادہ انحصار کرنے کے بجائے قدرتی اور غیر مضر طریقہ علاج کی طرف رجوع کریں۔

ٹوبہ ٹیک سنگھ، مخالفین کی بھینس کی ٹانگیں توڑنے والے تین ملزمان گرفتار

ٹوبہ ٹیک سنگھ (این این آئی) پنجاب کے شہر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں مخالفین نے بھینس کی ٹانگیں توڑ دیں۔ پولیس کے مطابق واقعہ موضع نکریری بشیر دوآنہ میں پیش آیا جہاں دو گروپوں میں معمولی تنازع پر بھینس کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور مخالفین نے بھینس کی ٹانگیں توڑ دیں۔ پولیس کے مطابق مقدمہ درج کر کے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

سرکاری حج سکیم 2026 کیلئے درخواستوں کی وصولی کا پہلا مرحلہ مکمل

اخراجات کی پہلی قسط کے ساتھ درخواستوں کی وصولی 11 تا 16 اگست جاری رہے گی

اسلام آباد (این این آئی) سرکاری حج سکیم 2026 کے لیے درخواستوں کی وصولی کا پہلا مرحلہ مکمل ہو گیا۔ ترجمان مذہبی امور کے مطابق آن لائن پورٹل اور نامزد بینکوں میں جمع درخواستوں کی تعداد 71 ہزار سے تجاوز کر گئی۔ انہوں نے کہا کہ اخراجات کی پہلی قسط کے ساتھ درخواستوں کی وصولی 11 تا 16 اگست جاری رہے گی، دوسرے مرحلے میں غیر رجسٹرڈ عازمین حج بھی درخواست جمع کرا سکیں گے۔ ترجمان مذہبی (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائیاں، 04 افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی منشیات کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران 04 افراد گرفتار کر لیا گیا جن کے قبضے سے 04 کلو سے زائد چرس برآمد کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 01 کلو 680 گرام چرس برآمد کی، نصیر آباد پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 01 کلو 220 گرام چرس برآمد کی، صدرواہ پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 600 گرام چرس برآمد کی، ٹیکسلا پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 550 گرام چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے

ہنرمند کارپیٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ میں کھڈی پر قالین تیار کر رہے ہیں، ہاتھ سے بنے قالینوں کی 41ویں عالمی نمائش رواں سال اکتوبر میں منعقد ہوگی

نادرا نے شہریوں کیلئے جانشینی سرٹیفکیٹ کا حصول مزید آسان بنا دیا

قانونی ورثا جانشینی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی درخواست ملک بھر میں قائم 186 جانشینی سہولت مراکز یا سکسیشن فیسلیٹیشن یونٹس میں جمع کرا سکتے ہیں

بائیو میٹرک تصدیق کیلئے قانونی ورثا نہ صرف نادرا کے کسی بھی مرکز پر آسکتے ہیں بلکہ نادرا کی پاک آئی ڈی موبائل ایپ سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں

کراچی (این این آئی) نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے شہریوں کیلئے جانشینی سرٹیفکیٹ کا حصول مزید آسان بنا دیا۔ نادرا کی طرف سے جاری کیے گئے ایک نئے نوٹیفکیشن کے مطابق اب وراثتی جائیداد پاکستان کے کسی بھی صوبے میں ہو، قانونی ورثا اس کا جانشینی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی درخواست اسلام آباد سمیت ملک کے چاروں صوبوں (پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا) اور گلگت بلتستان میں نادرا دفاتر اور دیگر مقامات پر قائم 186 جانشینی سہولت (بقیہ نمبر 56)

پنجاب میں گدھوں کی تعداد 24 لاکھ 3 ہزار کی سطح پر پہنچ گئی

زراعت شماری کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں گدھوں کی 49 لاکھ ہو چکی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب میں گدھوں کی تعداد تمام صوبوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ 24 لاکھ 3 ہزار کی سطح پر پہنچ گئی۔ حکومت کی زراعت شماری رپورٹ برائے سال 2024 میں تفصیلات کے مطابق پنجاب میں بلوچستان کے مقابلے میں 17 لاکھ 73 ہزار، خیبر پختونخوا کے مقابلے میں 16 لاکھ 21 ہزار اور سندھ کے مقابلے میں پنجاب میں گدھوں کی تعداد 13 لاکھ 22 ہزار زیادہ ہے۔ گدھوں کی تعداد کے حوالے سے سندھ دوسرے اور خیبر پختونخوا تیسرے نمبر پر ہے، صوبہ بلوچستان میں گدھوں کی تعداد باقی صوبوں کے مقابلے میں کم ہے۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں گدھوں کی تعداد 24 لاکھ 3 ہزار، سندھ میں گدھوں (بقیہ نمبر 55)

فیصل آباد۔ قائمقام ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند جشن آزادی مشاعرے میں بطور مہمان خصوصی شریک ہیں۔

فیصل آباد پریس کلب کے زیر اہتمام دو روزہ ہیلتھ کیمپ کا آغاز ہو گیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد پریس کلب کے زیر اہتمام دو روزہ ہیلتھ کیمپ کا آغاز ہو گیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہیلتھ کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر صدر پریس کلب جی اے تنویر، سیکرٹری اعزاز دار حسین عابد اور سینئر صحافی بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے پریس کلب میں ہیلتھ کیمپ کے انعقاد کو قابل تحسین اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ کیمپ میں تمام ضروری سکریننگ کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں اور صحافیوں کے اہل خانہ بھی اس سہولت سے مستفید ہوں گے۔ افتتاحی تقریب کے بعد ڈپٹی کمشنر نے جشنِ آزادی معرکہ حق کے سلسلے میں پریس کلب میں پرچم کشائی کی، سپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کیا اور پریس کلب کے احاطے میں پودا بھی لگایا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا کہ جشنِ آزادی کو "معرکہ حق" کے طور پر شایانِ شان طریقے سے منایا جا رہا ہے۔ آزادی قوم کی لازوال قربانیوں کا ثمر ہے اور پاک فوج کے جوانوں نے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر قوم کا سر فخر سے بلند کیا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن "بنیان المرصوص" کے ذریعے دشمن کو منہ توڑ جواب دے کر شکست دی گئی۔